Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ ، 7 نومبر 2026ء ، 26 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 194

سیکٹر E-12 میں 40 سالہ التواء کے بعد اربوں کی اراضی واگزار

60 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل، 1135 کنال سرکاری زمین قبضہ مافیا سے واگزار، خیابانِ اقبال سمیت تمام سروس روڈز اور ذیلی سیکٹرز میں سڑکوں و ڈرینیج کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

سرکاری اراضی پر قبضہ برداشت نہیں ہوگا، بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر شہریوں کو رہائشی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا عزم

اسلام آباد (این ای این) چار دہائیوں سے زیر التواء سیکٹر E-12 میں 1135 کنال سرکاری اراضی واگزار کروانے کے بعد سیکٹر ڈویلپمنٹ پر بھرپور کام جاری ہے۔ سیکٹر E-12 کے مجموعی طور پر انبک 60 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایت پر متعلقہ شعبہ جات کی جانب (بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم/ وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزارت خارجہ میں جمہوریہ سوڈان کے وفاقی وزیر داخلہ جناب باکر سمرا مصطفیٰ علی سے ملاقات کر رہے ہیں

فضائی آلودگی میں آلودہ ترین شہروں میں لاہور کا پہلا نمبر برقرار

سموگ سے بگڑتی صورتحال، فضائی آلودگی کے باعث بچے بیمار ہونے لگے

بچے آنکھوں میں جلن، گلے کی خراش، بخار، سانس کی تکلیف میں مبتلا ہو رہے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ ترین شہروں میں بدستور پہلے نمبر پر براجمان ہے۔ 458 ایئر کوالٹی انڈیکس کی وجہ سے لاہور کا دنیا کے آلودہ ترین بڑے شہروں میں پہلے نمبر برقرار ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق سموگ کی صورتحال پیدا (بقیہ نمبر 43)

گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا، رانا ثنا اللہ

پی ٹی آئی سے اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، بیک ڈور رابطے ہوتے رہتے ہیں لیکن باضابطہ طور پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، بیک ڈور رابطے ہوتے رہتے ہیں لیکن باضابطہ طور پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ نجی ٹی وی (بقیہ نمبر 46)

بجلی صارفین پر اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاری

جولائی سے ستمبر 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں صارفین سے 23 ارب 33 کروڑ روپے وصول کرنے کے لیے نیپرا میں درخواست جمع کرا دی۔ درخواست سال 2026 کی (بقیہ نمبر 45)

سیلز ٹیکس انوائس جاری کرنے کا نیا طریقہ متعارف

سامان کی سپلائی سے پہلے وصول ہونے والی ہر ایڈوانس رقم پر الگ انوائس جاری کرنا لازمی قرار

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ایڈوانس ادائیگیوں پر سیلز ٹیکس انوائس جاری کرنے کا نیا طریقہ متعارف کرا دیا۔ سامان کی سپلائی سے پہلے وصول ہونے والی ہر ایڈوانس رقم پر الگ انوائس جاری کرنا (بقیہ نمبر 44)

سوئی ناردرن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس، قبل از محصول اور انکم ٹیکس، تاریخ کا سب سے زیادہ 34 ارب 65 کروڑ 60 لاکھ روپے منافع

مالی سال کے مالیاتی گوشواروں کی منظوری

فی حصص (3 روپے) 30 فیصد حتمی نقد منافعِ منقسمہ (ڈیویڈنڈ) دینے کی سفارش، 34.65 ارب روپے کا ریکارڈ قبل از ٹیکس منافع، بعد از ٹیکس آمدن 14.80 ارب روپے رہی

آپریشنل کارکردگی میں بہتری، گیس کے نقصانات (UFG) میں 1672 ملین مکعب فٹ کی نمایاں کمی، کمپنی کا 62 واں سالانہ اجلاسِ عام 27 (AGM) نومبر 2026 کو لاہور میں طلب

لاہور (این ای این) سوئی ناردرن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے لاہور میں منعقدہ اجلاس میں 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی منظوری دے دی اور حصص داران کی منظوری سے مشروط طور پر فی حصص 3 روپے 30 فیصد) حتمی نقد منافعِ منقسمہ (فائنل کیش ڈیویڈنڈ) دینے کی سفارش کی۔ سوئی ناردرن نے مالی سال 2025-26 کے دوران محصولات اور انکم ٹیکس سے قبل 34 ارب 65 کروڑ 60 لاکھ روپے کا تاریخی منافع حاصل کیا، جو گزشتہ مالی سال میں حاصل ہونے والے 44 کروڑ 60 لاکھ روپے کے مقابلے میں تقریباً 42 فیصد زیادہ ہے۔ کمپنی نے بعد از ٹیکس 14 ارب 80 کروڑ 90 لاکھ روپے منافع حاصل کیا، جس کے نتیجے میں فی حصص آمدن 23 روپے 5 3 پیسے رہی، جبکہ مالی سال 2024-25 کے دوران بعد از ٹیکس منافع 14 ارب 59 کروڑ 20 لاکھ روپے اور فی حصص آمدن (ای پی ایس (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی: ستھرا پنجاب ایجنسی کا اینٹی سموگ، ڈینگی اور لٹرنگ کے خلاف بڑا اقدام، شہر بھر میں صفائی مہم تیز

صاف و سموگ فری راولپنڈی کیلئے کوڑا کرکٹ کھلے عام پھینکنے پر پابندی

جامع مساجد اور تجارتی مراکز میں آگاہی، کوڑا جلانے اور پھیلانے والوں کے خلاف اینٹی لٹرنگ سکواڈ متحرک

گندگی پھیلانے والوں کو وارننگز جاری، شہری صفائی عملے کا ساتھ دیں اور پانی جمع نہ ہونے دیں، ایم ڈی رانا ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی جانب سے شہر بھر اور تحصیلوں میں صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ اینٹی سموگ، اینٹی لٹرنگ اور اینٹی ڈینگی صفائی و آگاہی مہم پر بھی بھرپور عملدرآمد جاری ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر جمعہ کے روز مساجد کے اندرونی حصوں اور بیرونی احاطوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ اٹھانے اور اطراف کے (بقیہ نمبر 2)



لاہور: سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی کو ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل، الحمراء کے انتظامی حصوں کا تزئین و آرائش کے بعد افتتاح کے موقع پر سوینئر دے رہے ہیں

اسلام آباد ایئرپورٹ پر اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا سنگ بنیاد

نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا مقصد غیر ملکی سربراہان مملکت سمیت اعلیٰ سطح کے وفود کے لیے پروٹوکول انتظامات کو مزید بہتر بنانا ہے

وزیر دفاع خواجہ آصف نے یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی اور شجر کاری بھی کی، اس موقع پر دیگر حکام بھی موجود تھے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا آغاز کر دیا، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا مقصد عالمی معیار کی ریاستی مہمان نوازی کی سہولتیں فراہم کرنا اور غیر ملکی سربراہان مملکت سمیت اعلیٰ سطح کے (بقیہ نمبر 6)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور کی شاہراہوں پر موسمی پھولوں کی بہار، شہر کا حسن نکھر گیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی شاہراہوں اور گرین بیلٹس پر موسمی پھولوں کی بہار نے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کر دیا ہے۔ ہارٹی کلچر اینجسی لاہور کی جانب سے مادر (بقیہ نمبر 48)

پنجاب کسان بینک لمیٹڈ کا کنٹرول محکمہ خزانہ کے سپرد

حکومتی فیصلے کے مطابق بینک کا نیا نام پنجاب کسان بینک کوآپریٹو بینک رکھا گیا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب نے پنجاب کسان بینک لمیٹڈ کا کنٹرول محکمہ خزانہ کے سپرد کر دیا ہے۔ حکومتی فیصلے کے مطابق بینک کا نیا نام پنجاب کسان بینک کوآپریٹو بینک رکھا گیا ہے۔ فیصلے کے تحت پنجاب کسان بینک لمیٹڈ کے تمام انتظامی معاملات اب (بقیہ نمبر 47)

ٹریکٹر ٹرالی الٹ گئی، چار افراد دو خواتین اور دو بچے جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) ٹریکٹر ٹرالی بے قابو ہو کر الٹ جانے سے چار افراد دو خواتین اور دو بچے جاں بحق جبکہ بچوں سمیت دیگر 5 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ (بقیہ نمبر 49)

گاؤں جینئر اوگاہی کے رہائشیوں نے پولیو مہم کا بائیکاٹ ختم کر دیا

ڈی ایچ او کی یقین دہانی پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے پر آمادگی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور کے نواحی گاؤں جینئر اوگاہی کے رہائشیوں نے پرائمری اسکول کی عمارت کی تعمیر اور مرمت کا کام شروع نہ ہونے کے خلاف جاری پولیو مہم کا بائیکاٹ ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ محکمہ صحت کے ضلعی افسر ڈی ایچ او سید اعجاز علی شاہ جیلانی نے جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر سید سہیل احمد شاہ اور دیگر وفد کے ہمراہ گاؤں پہنچ کر متاثرہ رہائشیوں سے مذاکرات کیے اور ان کے تعلیمی مسئلے کو حل کرانے کے لیے ڈپٹی (بقیہ نمبر 8)

مارگلہ الیونیو ایکسٹینشن منصوبے پر 35 فیصد کام مکمل

تعمیراتی کام جاری، جی ٹی روڈ اور ایم ون موٹروے کا نیا سگنل فری لنک، سری نگر ہائی وے پر ٹریفک کا دباؤ مستقل ختم ہو جائے گا

وزیر داخلہ محسن نقوی کی دی گئی ٹائم لائن پر عملدرآمد جاری، فیلڈ ڈیٹا اور جی آئی ایس میپنگ سے نگرانی کی جا رہی ہے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (اے پی پی): چیئرمین سی ڈی اے لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف نے کہا ہے کہ مارگلہ الیونیو ایکسٹینشن (این 5-تا ایم 1-منصوبے پر انٹرچینج اور فلائی اوورز کی فاؤنڈیشنز، پائل کیپ لوئرنگ، کنکریٹ مکسنگ، سپورٹنگ ریٹیننگ والز کی تعمیر اور روڈ بیڈ کی تیاری کا عمل تیز رفتاری سے مکمل کیا جا رہا ہے، جس کی باقاعدہ فیلڈ ڈیٹا اور جی آئی ایس میپنگ کے ذریعے نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ منصوبے پر مجموعی (بقیہ نمبر 3)

سموگ کی وجہ سے سانس لینا دوبھر ہو چکا ہے، چودھری سرور

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے کہا ہے کہ علم کی خدمت، بزرگانِ دین اور خوش خوراکی کی شہرت رکھنے والا شہر لاہور آج دنیا کا آلودہ ترین شہر بن چکا ہے، ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے سانس لینا دوبھر ہو چکا ہے اور سانس کی بیماریاں عام (بقیہ نمبر 51)

خراب ڈسپنسر کیوں دیا، ڈیلر کے خلاف 5 لاکھ ہرجانے کا دعویٰ دائر

لاہور (این این آئی) ڈسپنسر خراب دے دیا چکر لگوانے کے باوجود تبدیل نہ کیا گیا، الیکٹرک شاپ عابد مارکیٹ کے دکاندار کے خلاف ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا گیا۔ شہری پرویز احمد نے صارف عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ، عابد مارکیٹ کی ڈیلر شاپ سے واٹر (بقیہ نمبر 52)

نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی بڑی کامیابی

پاک ایپ کے ذریعے 2 ارب 28 کروڑ روپے قومی خزانے میں جمع

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) نے وزیر اعظم پاکستان کے "ڈیجیٹل پاکستان وژن کو عملی جامہ پہنانے اور ملک میں کیش لیس معیشت کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔ این آئی ٹی بی کے اشتراک (بقیہ نمبر 50)



وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے او آئی سی (OIC) رکن ممالک کی جانب سے 'کومسیک' (COMCEC) کے 42 ویں وزارتی اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کیا

بی آئی ایس پی کو سیاست کا موضوع نہ بنایا جائے، سینیٹر روبینہ خالد

پروگرام کا ہر سال باقاعدہ آڈٹ ہوتا ہے، کیا عوام سے چندہ اور خیرات جمع کرنے والوں نے کبھی اپنا آڈٹ کروایا ہے؟

بی آئی ایس پی خیرات نہیں، مستحق افراد کی معاونت کا پروگرام اور قومی معیشت اور انسانی ترقی میں سرمایہ کاری ہے

تعلیمی وظائف کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ بچے اور نشوونما پروگرام کے تحت 14 سے 15 لاکھ بچے مستفید ہو رہے ہیں

ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس اور انٹر آپریبلٹی نظام کا نفاذ، خواتین اب اپنی مرضی کے بینک سے باآسانی رقم وصول کر سکیں گی

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ بی آئی ایس پی کو سیاست کا موضوع نہ بنایا جائے اور نہ ہی اس سے مستفید ہونے والے غریب عوام کی تذلیل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی ریاستِ پاکستان کا پروگرام ہے، جس کا مقصد مستحق شہریوں کو معاشی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر (بقیہ نمبر 4)



چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

سرکاری خریداری کے قوانین پر خصوصی تربیتی سیشن

یونیورسٹی آف ویمن

ایم ڈی پیپرا صاحبزادی وسیمہ عمر کی ٹیم کے ہمراہ شرکت، ای پروکیورمنٹ (EPADS)، شفافیت اور قواعد کی پابندی پر تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی

بین الجامعاتی تعاون کے تحت فاطمہ جناح، ایریڈ، آر ایم یو اور کوہسار یونیورسٹی کے نمائندوں کی شرکت

سرکاری خریداری کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور قواعد وضوابط کی پاسداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف

راولپنڈی (این ای این) وائس چانسلر راولپنڈی ویمن یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی قیادت اور ہدایات کی روشنی میں انتظامی افسران کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور سرکاری امور کی انجام دہی میں متعلقہ قواعد وضوابط پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے جاری تربیتی سلسلے کے تحت سرکاری خریداری (Public Procurement) کے قوانین، ضوابط اور طریقہ کار سے متعلق ایک (بقیہ نمبر 7)



راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں سرکاری خریداری کے قوانین پر خصوصی تربیتی سیشن کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

پیٹرول اور ڈیزل سستا، گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرایوں میں کمی کا اعلان

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر کرایوں میں کمی کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں (بقیہ نمبر 57)

بلوچستان کے حالات دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے

کوئٹہ اس صورتحال تک کیسے پہنچا؟ یہ غور طلب بات ہے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے موجودہ حالات دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے، صوبے میں امن کی بحالی کے لیے سب کو مل بیٹھ کر غور کرنا ہوگا۔ بلوچستان بار کونسل کے عشائیے (بقیہ نمبر 58)

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کا صدارتی بیانیہ منظور

پاکستان کے مستقل مندوب، سفیر سید حیدر شاہ کا بیان کی منظوری کا خیر مقدم

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ ایک صدارتی بیان منظور کر لیا، جس میں تمام ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ مسلح تنازعات شروع ہونے کے بعد بھی سفارتی روابط جاری رکھے جائیں، جنگ بندی کے لیے مسلسل (بقیہ نمبر 53)

سی سی ڈی کی زیر حراست ملزم دوطرفہ فائرنگ میں مارا گیا

ہلاک ملزم قتل ڈکیتی، اقدام قتل سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث تھا

لاہور (این این آئی) لاہور چوہنگ کے قریب سی سی ڈی اور زیر حراست ملزم کے ساتھیوں کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا، دوطرفہ فائرنگ میں زیر حراست ملزم ہی مارا گیا ساتھی فرار ہو گئے۔ سی سی ڈی ٹیم ترجمان کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزم عرفان کو سی سی ڈی (بقیہ نمبر 54)



پاکستان اور تاجکستان کی مشترکہ دوستی تھری اختتام پذیر

پاکستان اور تاجکستان کی مشترکہ مشق دوستی تھری اختتام پذیر

مشق پاکستان اور تاجکستان کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون کی عکاسی کرتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور تاجکستان کی مشترکہ مشق دوستی IIII اختتام پذیر ہو گئیں، دو ہفتے جاری رہنے والی مشق میں انسداد دہشت گردی کے تجربات کے تبادلے، آپریشنل مشقوں اور طریقہ کار کو بہتر بنانے سمیت جنگی مہارتوں کو بڑھانے پر مرکوز رہیں۔ (بقیہ نمبر 55)

صوبوں سے غیر رجسٹرڈ مدارس کی تفصیلات طلب کر لیں

مدارس کی رجسٹریشن کے لیے انٹیلی جنس کمیٹی سے کلیئرنس لازمی قرار دیدی گئی

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے چاروں صوبوں سے غیر رجسٹرڈ مدارس کی تفصیلات طلب کر لیں جس کے بعد صوبوں نے مدارس کی تفصیلات مرتب کرنا شروع کر دی ہیں۔ وفاقی حکومت نے تمام صوبوں کو مدارس کی رجسٹریشن کا عمل 3 ماہ کے اندر مکمل (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی اور چکوال میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کا بڑا کریک ڈاؤن

راولپنڈی اور 5 کروڑ 50 لاکھ روپے مالیت کی مضرِ صحت وملاوٹ شدہ اشیاء تلف، 14 لاکھ روپے کے جرمانے اور 1 مقدمہ درج

قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر 3 یونٹس پر چھاپے، گوشت سپلائر کے خلاف مقدمہ درج اور بھاری مقدار میں نان فوڈ گریڈ رنگ و کیمیائی مواد ضائع

عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شہری ملاوٹ کی اطلاع ہیلپ لائن 1223 پر دیں: ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد

راولپنڈی (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر صوبے بھر میں شہریوں کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مشن بلا تعطل جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی (بقیہ نمبر 10)



وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزارت خارجہ میں 'اکنامک کوآپریشن تنظیم (ECO)' کی وزراء کونسل کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لیے منعقدہ ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مالیاتی فراڈ میں ملوث ملزمان سمیت بلیک میلرز گرفتار

متاثرہ شہریوں کو لاکھوں روپے برآمد کرا کے واپس دلوا دیے: NCCIA

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے ملک کے مختلف شہروں میں شہریوں کو مالیاتی فراڈ، بلیک میلنگ اور آن لائن ہراسانی کا نشانہ بنانے والے عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ متاثرہ شہریوں کو لاکھوں روپے برآمد کرا کے واپس دلوا دیے۔ (بقیہ نمبر 59)

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر نے سمارٹ سلیبس کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر نے سمارٹ سلیبس کا اعلان کر دیا۔ پہلا فہم، دہم، گیارہویں، بارہویں کا سمارٹ سلیبس ہفتے کے روز جاری کرے گا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ سمارٹ سلیبس (بقیہ نمبر 60)

ایس ایچ او تھانہ جوڑا کلاں میڈم نادرہ کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کا عزم

قانون کی خلاف ورزی پر کوئی رعایت نہیں ہوگی

عوام کے لیے میرے دفتر کے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں، انصاف صرف اور صرف میرٹ پر ہوگا

تھانے میں سفارش اور دباؤ کی گنجائش ختم، شہری امن وامان کے لیے پولیس کا ساتھ دیں،، ایس ایچ او نادرہ

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ایس ایچ او تھانہ جوڑا کلاں میڈم نادرہ کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کے عزم کا اظہار گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ جوڑا کلاں میڈم نادرہ نے کہا کہ علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی شخص کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل اور انہیں انصاف کی فراہمی میری اولین ترجیحات (بقیہ نمبر 9)



ایس ایچ او تھانہ جوڑا کلاں میڈم نادرہ میڈیا سے محو گفتگو ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات

الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ تبدیل کرنے کی صوبائی حکومت کی درخواست منظور کرتے ہوئے صوبے میں سات فروری 2027ء سے مرحلہ وار انتخابات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سے قبل الیکشن کمیشن نے 15 دسمبر 2026ء سے 15 جنوری 2027ء کے دوران انتخابات کرانے پر اتفاق کیا تھا' تاہم صوبائی حکومت نے شدید سردی' دھند اور انتظامی مشکلات کا حوالہ دیتے ہوئے 20 جنوری کے بعد انتخابات کرانے کی درخواست کی' جسے منظور کر لیا گیا۔ اب اسے مزید آگے نہیں بڑھانا چاہیے۔ پنجاب میں آخری بلدیاتی انتخابات 2015 میں منعقد ہوئے تھے۔ گزشتہ پانچ برسوں میں الیکشن کمیشن صوبے میں انتخابات کیلئے متعدد مرتبہ انتخابی پروگرام جاری کر چکا لیکن کبھی قانون میں تبدیلی' کبھی حلقہ بندیوں اور کبھی انتظامی وجوہات کی بنا پر انتخابی عمل آگے نہ بڑھ سکا۔

بلدیاتی ادارے عوام کے روزمرہ مسائل کے حل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان اداروں کی عدم موجودگی میں شہریوں کے چھوٹے چھوٹے مسائل بھی صوبائی حکومت اور انتظامیہ کے رحم و کرم پر رہتے ہیں۔ اب جبکہ الیکشن کمیشن نے سات فروری 2027ء کی تاریخ مقرر کر دی ہے' صوبائی حکومت اور انتظامیہ کو چاہیے کہ اسے حتمی تصور کرتے ہوئے انتخابی عمل کیلئے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کریں۔ الیکشن کمیشن کو اب اپنے آئینی اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے انتخابات کا بروقت اور شفاف انعقاد یقینی بنانا ہوگا۔

قومیں چاپلوسی سے نہیں اصولوں سے بنتی ہیں



تحریر خاور شہزاد

کسی بھی ریاست کی مضبوطی کا اندازہ اس کے بلند و بانگ سیاسی نعروں حکمرانوں کی تقاریر یا ترقیاتی منصوبوں کی تشہیر سے نہیں بلکہ اس کے اداروں کی کارکردگی، قانون کی بالادستی انصاف کی فراہمی اور میرٹ کے احترام سے لگایا جاتا ہے۔ ترقی یافتہ معاشروں کی اصل پہچان یہ نہیں کہ وہاں کون اقتدار میں ہے، بلکہ یہ ہے کہ اقتدار میں بیٹھے افراد بھی قانون کے تابع ہیں یا نہیں۔ جس ریاست میں قانون شخصیات کے مرتبے، سیاسی اثر و رسوخ اور ذاتی مفادات کے سامنے بے بس دکھائی دینے لگے، وہاں اداروں کی مضبوطی محض ایک نعرہ بن کر رہ جاتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں انتظامی نظام کا ایک ایسا پہلو بھی ہے جس پر سنجیدہ مکالمے کی ضرورت ہے۔ کسی علاقے میں سرکاری افسران کی تعیناتی، ان کی کارکردگی اور تبادلوں کا معاملہ بظاہر ایک معمول کی انتظامی کارروائی ہے، لیکن جب اس عمل میں سیاسی پسند و ناپسند، ذاتی تعلقات اور بااثر حلقوں کی خواہشات کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگیں تو معاملہ محض تبادلے تک محدود نہیں رہتا بلکہ پورے انتظامی ڈھانچے کی ساکھ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ بعض حلقوں میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ کسی علاقے میں انتظامی افسر کی طویل تعیناتی کا غیر تحریری فارمولا شاید یہ ہے کہ وہ بااثر سیاسی شخصیات کے ہر جائز و ناجائز حکم پر بلاچوں و چراں او کے سر کہنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اس کے برعکس اگر کوئی افسر کسی ایسے اقدام کے سامنے انکار کی جرأت کرے جو قانون، ضابطے یا میرٹ سے متصادم ہو، اور اپنے منصب کی ذمہ داریوں کو سیاسی خواہشات سے بالاتر رکھے تو اس کے لیے حالات مشکل ہو سکتے ہیں۔ یقیناً ہر تبادلے کو سیاسی دباؤ کا نتیجہ قرار دینا درست نہیں اور نہ ہی ہر افسر کو اصول پسند سمجھ لینا چاہیے۔ سرکاری افسران کی کارکردگی، انتظامی ضرورت اور عوامی مفاد بھی تبادلوں کی جائز بنیادیں ہو سکتی ہیں۔ تاہم اصل سوال یہ ہے کہ کیا یہ تمام فیصلے شفاف معیار کے مطابق ہوتے ہیں؟ کیا کسی افسر کی مدتِ تعیناتی ختم کرنے یا اسے تبدیل کرنے کی وجوہات واضح کی جاتی ہیں؟ اور کیا اصولوں کے مطابق کام کرنے والے افسر کو محض کسی بااثر شخصیت کی ناراضی کی بنیاد پر مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑتا؟ انتظامی افسران کسی سیاسی شخصیت جماعت یا خاندان کے نمائندے نہیں بلکہ ریاست کے ملازم اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتے ہیں۔ ان کی بنیادی ذمہ داری آئین قانون اور قواعد کے مطابق فرائض کی انجام دہی ہے۔ ان کا منصب اس بات کا متقاضی ہے کہ وہ کسی بھی شہری کے ساتھ سیاسی وابستگی سماجی حیثیت، مالی طاقت یا ذاتی تعلق کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہ کریں۔ ایک افسر کے لیے سب سے بڑا امتحان اس وقت شروع ہوتا ہے جب اس کے سامنے ایک طرف کسی بااثر شخصیت کی خواہش ہو اور دوسری طرف قانون کی پابندی۔ ایسے موقع پر اس کا فیصلہ ہی اس کے کردار پیشہ ورانہ دیانت اور ادارہ جاتی وابستگی کا تعین کرتا ہے۔ اگر وہ قانون کے بجائے اثر و رسوخ کو ترجیح دیتا ہے تو شاید وقتی طور پر اپنی پوزیشن محفوظ کر لے، لیکن وہ اپنے منصب کی بنیادی ذمہ داری سے انحراف کرتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ کسی افسر کی اصول پسندی کا مطلب یہ نہیں کہ وہ عوامی نمائندوں کی بات سننے سے انکار کر دے۔ عوامی نمائندوں کو اپنے حلقے کے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے، شہریوں کی شکایات کی پیروی کرنے اور حکومتی مشینری کو متحرک کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔ لیکن عوامی خدمت اور ذاتی مفاد کے درمیان ایک واضح لکیر موجود ہے۔ جائز عوامی مطالبہ تسلیم کرنا ذمہ داری ہے، جبکہ قانون سے متصادم حکم ماننا کسی بھی صورت میں انتظامی فرض نہیں ہوسکتا۔ کسی بھی حکومت کو انتظامی ضرورت کے تحت افسران کے تبادلوں اور تعیناتیوں کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔ یہ اختیار حکومتی نظام چلانے کے لیے ضروری بھی ہے، لیکن اس اختیار کی اصل افادیت اسی وقت برقرار رہ سکتی ہے جب اسے شفافیت میرٹ اور عوامی مفاد کے تابع رکھا جائے۔ اگر ایک افسر کو اپنی مدتِ تعیناتی کے دوران ہر روز یہ خدشہ لاحق رہے کہ کسی بااثر شخصیت کی شکایت یا ناراضی اس کی تعیناتی تبدیل کروا سکتی ہے تو وہ آزادانہ فیصلے کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرے گا۔ اس کے نتیجے میں انتظامی خودمختاری کمزور اور غیر ضروری سفارشات کا راستہ وسیع ہوسکتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ خطرناک صورت حال اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ایک افسر کو یہ احساس ہونے لگے کہ اس کی ترقی، تعیناتی اور مستقبل کا انحصار اس کی کارکردگی کے بجائے سیاسی تعلقات پر ہے۔ پھر وہ عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی انتظامی پوزیشن محفوظ رکھنے کی کوشش میں مصروف ہوسکتا ہے۔ ایسی صورت میں سرکاری دفاتر عوامی خدمت کے مراکز کے بجائے اثر و رسوخ کے تابع نظام کی تصویر پیش کرنے لگتے ہیں۔ اس پورے معاملے میں سب سے زیادہ متاثر وہ عام شہری ہوتا ہے جس کے پاس نہ سیاسی سفارش ہوتی ہے، نہ کسی بااثر شخصیت تک رسائی اور نہ ہی اپنے جائز کام کے لیے غیر ضروری دروازے کھٹکھٹانے کی سکت۔ ایک غریب شہری اپنی زمین کے مسئلے، کسی سرکاری واجب الادا حق، بنیادی سہولت، تجاوزات غیر قانونی تعمیرات یا کسی انتظامی شکایت کے حل کے لیے متعلقہ دفتر پہنچتا ہے۔ اس کی توقع ہوتی ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہوگا اور اس کا مسئلہ میرٹ پر حل کیا جائے گا۔ لیکن اگر انتظامی نظام میں سفارش اور اثر و رسوخ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہو جائے تو عام شہری کے لیے انصاف کا حصول مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لیے سیاسی مداخلت کا معاملہ محض افسران کی تعیناتی یا تبادلے کا معاملہ نہیں بلکہ یہ براہِ راست شہریوں کے بنیادی حقوق، مساوی سلوک اور انصاف تک رسائی سے جڑا ہوا ہے۔ ہمارے معاشرے کا ایک بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اصولوں کی بات تو کرتے ہیں، لیکن عملی زندگی میں اکثر انہی اصولوں سے انحراف کو کامیابی سمجھنے لگتے ہیں۔ خوشامد کرنے والا ذہین، تابعداری دکھانے والا وفادار اور اختلافِ رائے رکھنے والا ناپسندیدہ تصور کیا جانے لگتا ہے۔ یہ رویہ صرف سرکاری اداروں تک محدود نہیں بلکہ معاشرتی، سیاسی اور تنظیمی زندگی کے مختلف شعبوں میں بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ جب کسی ادارے میں صلاحیت کے بجائے تعلقات، کارکردگی کے بجائے خوشامد اور میرٹ کے بجائے سفارش کو اہمیت ملنے لگے تو وہاں اہل افراد کی حوصلہ شکنی اور نااہلی کی حوصلہ افزائی کا راستہ کھل جاتا ہے۔ کسی بھی ادارے کے لیے اختلافِ رائے دشمنی نہیں ہوتا۔ ایک ذمہ دار افسر کا کسی غیر قانونی حکم سے اختلاف کرنا دراصل ادارے اور ریاست کے مفاد کا تحفظ ہے۔ ہر حکم کی بلاسوچے سمجھے تعمیل وفاداری نہیں بلکہ بعض حالات میں ذمہ داری سے فرار بھی ہو سکتی ہے۔ اداروں کو ایسے افراد کی ضرورت ہوتی ہے جو درست فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، نہ کہ ایسے لوگ جو ہر صورت اپنے افسرِ بالا یا بااثر شخصیت کی خوشنودی کو ترجیح دیں۔ اگر سیاسی قیادت واقعی مضبوط ادارے، بہتر گورننس اور عوامی خدمت کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے تو اسے اپنے طرزِ عمل کا جائزہ لینا ہوگا۔ سیاسی اثر و رسوخ کو ذاتی مفادات کے لیے استعمال کرنے کے بجائے اداروں کی بہتری، شفافیت اور احتساب کے لیے بروئے کار لانا ہوگا۔ ایک اچھی سیاسی قیادت وہ نہیں جو اپنے مخالفین کو دبانے یا اپنے حامیوں کو نوازنے کے لیے انتظامی مشینری استعمال کرے، بلکہ وہ ہے جو اپنے ہی حامیوں کے غیر قانونی مطالبات کو بھی مسترد کرنے کا حوصلہ رکھتی ہو۔ سیاسی قیادت کا اصل قد اس وقت بلند ہوتا ہے جب وہ اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر قانون اور انصاف کی حمایت کرے۔ اسی طرح انتظامی افسران کو بھی اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ نہیں قرار دیا جاسکتا۔ اگر کوئی افسر اختیارات کا ناجائز استعمال کرے، عوامی مسائل کو نظرانداز کرے، بدعنوانی میں ملوث ہو یا اپنی کارکردگی سے متعلق جواب دہی سے گریز کرے تو اس کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہونی چاہیے۔ اصول پسندی کا مطلب احتساب سے استثنا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ احتساب بھی قانون، شواہد اور شفاف طریقہ کار کے مطابق ہو۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ افسران کی تعیناتیوں اور تبادلوں کے لیے واضح اور شفاف معیار مقرر کیا جائے۔ کارکردگی کی جانچ غیر جانب دارانہ بنیادوں پر ہو، تبادلوں کی وجوہات انتظامی ریکارڈ کا حصہ بنیں اور کسی بھی افسر کو سیاسی یا ذاتی دباؤ کے تحت غیر ضروری طور پر نشانہ بنانے کے تاثر کو ختم کیا جائے۔ ایسے افسران کو ادارہ جاتی تحفظ ملنا چاہیے جو قانون کے مطابق فیصلے کرتے ہیں، جبکہ بدعنوانی، نااہلی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے مرتکب افسران کا احتساب بھی یقینی بنایا جائے۔ سیاسی قیادت، انتظامی مشینری اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ اسی وقت مضبوط ہوسکتا ہے جب ہر فریق اپنی آئینی اور قانونی حدود کا احترام کرے۔ یاد رکھیے، ایک افسر کا تبادلہ حکومت کا انتظامی اختیار ہوسکتا ہے، لیکن اس اختیار کے استعمال کا معیار ہی حکومت کی ترجیحات، سنجیدگی اور ادارہ جاتی سوچ کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح ایک افسر کی کامیابی اس کی طویل تعیناتی میں نہیں بلکہ اس کے دورِ تعیناتی میں قانون کی پاسداری، عوامی خدمت اور انصاف کی فراہمی میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم ایسے ادارے چاہتے ہیں جہاں اہل اور دیانت دار افراد کو کام کرنے کا موقع ملے، یا ایسے نظام کے عادی ہو چکے ہیں جہاں ہر شخص اپنی بقا کے لیے کسی نہ کسی بااثر شخصیت کی خوشنودی کا محتاج ہو؟ قوموں کی تاریخ گواہ ہے کہ مضبوط ریاستیں شخصیات کے گرد نہیں بلکہ مضبوط اداروں کے سہارے قائم رہتی ہیں۔ حکمران بدلتے رہتے ہیں، سیاسی جماعتیں اقتدار میں آتی اور جاتی ہیں، لیکن اداروں کی ساکھ، قانون کی بالادستی اور انصاف کے اصول مستقل رہنے چاہییں۔ آخر میں سوال صرف اتنا ہے کہ کیا ہم ایک ایسا انتظامی نظام تشکیل دینا چاہتے ہیں جہاں افسران قانون کے مطابق فیصلے کرنے میں آزاد ہوں، یا ایسا ماحول برقرار رکھنا چاہتے ہیں جہاں ہر جائز و ناجائز حکم کے جواب میں صرف ایک ہی جملہ سنائی دے او کے سر؟ یہ فیصلہ محض سیاست دانوں یا سرکاری افسران نے نہیں کرنا بلکہ ہمارے اجتماعی رویوں نے بھی کرنا ہے۔ کیونکہ جب خوشامد کو قابلیت، تابعداری کو وفاداری اور سفارش کو میرٹ کا متبادل بنا دیا جائے تو زوال کسی ایک ادارے کا نہیں، پورے معاشرے کا مقدر بن جاتا ہے۔ قومیں چاپلوسی، خوشامد اور سیاسی تابعداری سے نہیں بنتیں۔ قومیں اصولوں، انصاف، دیانت داری، قانون کی بالادستی اور میرٹ کے احترام سے بنتی ہیں۔ قومیں ایسے نہیں بنتیں

شوبز SHOWBIZ

سارہ خان کے برائیڈل میک اوور پر مداحوں کی تنقید

سارہ خان متعدد کامیاب ڈراموں میں بہترین اداکاری کے باعث شہرت رکھتی ہیں



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی ٹیلی وژن کی معروف اداکارہ سارہ خان کا برائیڈل میک اوور تنقید کی زد میں آگیا۔ سارہ خان متعدد کامیاب ڈراموں میں بہترین اداکاری کے باعث شہرت رکھتی ہیں، وہ سوشل میڈیا پر بھی بڑی تعداد میں مداح رکھتی ہیں اور انسٹاگرام پر انہیں 12.7 ملین افراد فالو کرتے ہیں، وہ گلوکار فلک شبیر کے ساتھ شادی شدہ ہیں اور دونوں اپنی دو بیٹیوں، عالیانہ اور رانیہ کے ہمراہ خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ حال ہی میں سارہ خان نے ایک سیلون کے فوٹو شوٹ کے لیے دلہن کا روپ دھارا، انہوں نے گہرے سرخ رنگ کا لباس زیب تن کیا جبکہ ساتھ میں خوبصورت زیورات بھی پہنے۔ تاہم سارہ خان کا برائیڈل میک اوور سوشل میڈیا صارفین کو پسند نہیں آیا۔ صارفین کے مطابق میک اپ میں ان کی قدرتی رنگت کے بجائے آئیوری بیس استعمال کیا گیا، جبکہ چمک دمک والے میک اپ نے ان کی شکل کو غیر فطری اور حد سے زیادہ نمایاں کر دیا۔

مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ نے سوشل میڈیا پر سخت پیغام جاری کر دیا



لاہور (سی ایم لنکس) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر ایک سخت پیغام جاری کر دیا۔ حمزہ نے انسٹاگرام اسٹوری میں ایک نامعلوم شخص کو مخاطب کرتے ہوئے اسے اپنی 'آخری اسٹوری' قرار دیا اور مذکورہ شخص کو 'ڈسکو کوٹ والے انکل' کہہ کر مخاطب کیا۔ انہوں نے تنازع پر سخت الزامات عائد کرتے ہوئے مذکورہ شخص کو مبینہ طور پر بے ایمان قرار دیا اور اپنے غصے کا اظہار کیا۔ حمزہ نے کہا کہ انسان کے اعمال بالآخر اس کے کردار اور ظاہری شخصیت سے ظاہر ہو جاتے ہیں، انہوں نے مبینہ طور پر کاسمیٹک انجیکشنز کے استعمال پر بھی طنز کیا اور کہا کہ کوئی بھی کاسمیٹک طریقہ کار غلط اعمال کے نتائج کو ختم نہیں کر سکتا۔ انہوں نے چہرے کے داغوں اور کاسمیٹک ٹریٹمنٹس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ظاہری شکل تبدیل کرنے سے حقیقت کو چھپایا نہیں جاسکتا۔ حمزہ نے کہا کہ اصل تبدیلی ظاہری شکل بدلنے کے بجائے اپنے اعمال درست کرنے سے آتی ہے۔ پیغام کے آخر میں حمزہ نے مبینہ طور پر جھوٹے بیانیے بنانے کی کوششوں کو مسترد کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ حقیقت بالآخر سامنے آجائے گی اور ایک دن قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اداکارہ شگفتہ اعجاز یوٹیوبر کیوں بنیں؟ وجہ بتا دی

یوٹیوب چینل بنانے کا فیصلہ اپنے داماد علی حمزہ بلوچ سے متاثر ہو کر کیا



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی معروف سینئر اداکارہ شگفتہ اعجاز نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے یوٹیوب چینل بنانے کا فیصلہ اپنے داماد علی حمزہ بلوچ سے متاثر ہو کر کیا۔ حال ہی میں شگفتہ اعجاز نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے یوٹیوب سفر کے آغاز کی دلچسپ کہانی سنائی۔ ان کا کہنا ہے کہ ابتدا میں ان کا یوٹیوب پر آنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا، لیکن جب انہوں نے اپنے داماد کی مقبولیت اور مداحوں کا ان سے غیر معمولی لگاؤ دیکھا تو انہیں بھی احساس ہوا کہ یہ ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں فنکار اپنے چاہنے والوں سے براہِ راست رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے داماد علی حمزہ بلوچ روزانہ وی لاگز بنایا کرتے تھے اور ان کی ویڈیوز کو لوگ بے حد پسند کرتے تھے۔ شگفتہ اعجاز نے کہا، ''میں دیکھتی تھی کہ لوگ علی حمزہ بلوچ سے کتنی محبت کرتے ہیں اور ان کی ویڈیوز سے خود کو جوڑتے ہیں۔ حتیٰ کہ جب میں کسی شادی یا تقریب میں جاتی تھی تو لوگ مجھ سے کہتے تھے کہ ہم علی بھائی کے بہت بڑے مداح ہیں۔''

صبور علی نے اپنی ڈیڑھ سال کی بیٹی کو اسکول بھیجنے کی وجہ بتا دی

سیرینا 15 سے 20 منٹ کے لیے پری سکول جاتی ہے، جہاں فی الحال وہ کھیلتی ہے



کراچی (این این آئی) حال ہی میں اداکارہ صبور علی نے نجی ٹی وی پروگرام میں شرکت کی جس میں انہوں نے بتایا کہ ان کی ڈیڑھ سال کی بیٹی سیرینا پری اسکول جاتی ہے جس پر میزبان نے خاصی حیرانی کا اظہار کیا۔ صبور علی نے بتایا کہ سیرینا کو ہم نے پری اسکول میں داخلہ کروایا ہے جہاں فی الحال وہ 15 سے 20 منٹ کے لیے جاتی ہے، کھیلتی ہے اور واپس آجاتی ہے اس سے ہماری بیٹی کی سوشل اسکلز میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اداکارہ نے کہا یہ ضروری تھا کہ وہ کچھ دیر اپنے والدین سے دور رہے تاکہ اسے پتا چلے کہ ہم نہیں ہوں گے تو اسے کیسے رہنا ہے، دوسروں کے ساتھ کیسے پیش آنا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اسکول کا تعارفی دن وہ واحد دن تھا جب وہ بہت روئی اور میں شرمندہ ہوئی کیونکہ وہاں اس کے علاوہ اور کوئی بچہ نہیں رو رہا تھا جب کہ وہ کافی سوشل بچی ہے لیکن اب ایسا ہے کہ اسے اسکول سے واپس نہیں آنا ہوتا۔ صبور علی کے انٹرویو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہے جہاں صارفین کا ملا جلا ردعمل دیکھنے میں آ رہا ہے۔ متعدد سوشل میڈیا صارفین نے اداکارہ کے فیصلے کو غلط قرار دیا اور کہا کہ بچے کا بچپن انتہائی اہم ہے اسے یوں خراب نہ کریں جب کہ کچھ افراد نے اداکار جوڑے کے اس فیصلے کی حمایت بھی کی۔

معاذ صفدر اور صبا معاذ کے ہاں تیسرے بچے کی آمد متوقع

جوڑے کے پہلے ہی دو بیٹے باسل اور کامل معاذ ہیں، مداحوں کی ایڈوانس مبارکبادیں



لاہور (این این آئی) پاکستان کی مقبول سوشل میڈیا جوڑی معاذ صفدر اور صبا معاذ نے مداحوں کو خوشخبری سناتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہ اپنے تیسرے بچے کی آمد کے منتظر ہیں۔ معاذ اور صبا سوشل میڈیا پر فیملی وی لاگز اور روزمرہ زندگی سے متعلق ویڈیوز کے باعث خاصی مقبولیت رکھتے ہیں اور اپنی زندگی کے اہم لمحات بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کرتے رہتے ہیں۔ جوڑے کے پہلے ہی دو بیٹے باسل اور کامل معاذ ہیں، جبکہ اب ان کے خاندان میں ایک اور ننھے مہمان کا اضافہ ہونے والا ہے۔ تیسرے بچے کی خوشخبری سامنے آنے کے بعد مداحوں کی جانب سے جوڑے کو مبارکبادیں اور نیک خواہشات دی جا رہی ہیں۔

شان بھارت میں کام کرنے پر سوال اٹھانا درست ہے، جویریہ سعود

شہرت، فالوورز یا پیشہ ورانہ مواقع کی خاطر قومی اقدار پر سمجھوتا نہیں ہونا چاہیے



لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ اور پروڈیوسر جویریہ سعود نے پاکستانی فنکاروں کے بھارت میں کام کرنے سے متعلق فلم اسٹار شان شاہد کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہرت، فالوورز یا پیشہ ورانہ مواقع کی خاطر قومی اقدار پر سمجھوتا نہیں ہونا چاہیے۔ جویریہ سعود نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کیے گئے ایک بیان میں کہا ہے کہ شان شاہد کا پاکستانی فنکاروں میں بھارتی شوبز انڈسٹری کے ساتھ کام کرنے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر سوال اٹھانا درست ہے۔ اداکارہ نے تسلیم کیا کہ بھارت کی تفریحی صنعت کا حجم کہیں زیادہ ہے اور وہاں کام کرنے سے پاکستانی فنکاروں کو وطن واپس آنے پر زیادہ پہچان، فالوورز، مالی مواقع اور نمایاں حیثیت حاصل ہو سکتی ہے۔ جویریہ سعود نے کہا ہے کہ ایک فنکار کی جانب سے اپنے کیریئر کو وسعت دینے اور زیادہ وسیع ناظرین تک پہنچنے کی خواہش قابلِ فہم ہے، تاہم جب ناانصافی یا اپنے ملک سے متعلق معاملات سامنے آئیں تو پیشہ ورانہ مواقع کو ذاتی اقدار اور اصولوں پر ترجیح نہیں دینی چاہیے۔

SPORTS سپورٹس

10 لیگ میں قومی کرکٹرز کی شرکت کی راہ ہموار

ابوظہبی (این این آئی) ابوظہبی ٹی 10 لیگ میں قومی کرکٹرز کی شرکت کی راہ ہموار ہو گئی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور لیگ منتظمین کے درمیان عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (این او سی) کے معاملے پر معاملات طے پا گئے۔ ذرائع کے مطابق لیگ منتظمین این او سی کے بدلے پی سی بی کو 2 لاکھ ڈالر تک معاوضہ اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے۔ ابوظہبی ٹی ٹین لیگ کی فرنچائزز اور قومی کھلاڑیوں نے پی سی بی سے این او سی جاری کرنے کی درخواست کی تھی ذرائع کا کہنا ہے کہ فرنچائزز اور کھلاڑیوں کی درخواست پر معاملے کو حل کرنے کی کوشش کی گئی اور پی سی بی کے ہمدردانہ غور کے بعد فریقین کے درمیان معاملات طے پا گئے۔ ذرائع کے مطابق معاہدے کے تحت پی سی بی کو 2 لاکھ ڈالر تک معاوضہ اور سہولتیں ملیں گی معاملات طے پانے کے بعد قومی کرکٹرز کی ابوظہبی ٹی ٹین لیگ میں شرکت کے لیے این او سی ملنے کے امکانات یقینی ہو گئے ہیں۔ فخر زمان، نسیم شاہ، فہیم اشرف سمیت لگ بھگ 15 کرکٹرز کے ابوظہبی ٹی ٹین لیگ میں معاہدے ہیں۔

شان مسعود پی سی بی حکام کے دل سے اتر گئے

لاہور (این این آئی) گزشتہ دو سال میں پاکستان کے لیے سب سے زیادہ رنز بنانا بھی شان مسعود کے کام نہ آیا اور وہ حکام کے دل سے اتر گئے۔ تفصیلات کے مطابق شان مسعود کو بنگلا دیش سے دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کیلیے قومی ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا، گوکہ وہ مکمل فٹ بھی نہیں ہیں تاہم انہیں آگاہ کر دیا گیا ہے کہ وہ مستقبل کے پلانز میں شامل نہیں رہے۔ مائیک ہیسن ٹیسٹ کوچ کی ذمہ داری بھی سنبھال چکے ہیں، انہوں نے نوجوانوں پر انحصار کا فیصلہ کیا ہے۔ شان مسعود نے آخری ٹیسٹ میں انگلینڈ کے خلاف 95 رنز کی اننگز کھیلی تھی اور گزشتہ دو برس سے وہ پاکستان کے ٹاپ بیٹر ثابت ہوئے ہیں۔ جنوری 2025 سے اب تک انہوں نے مجموعی طور پر سب سے زیادہ 773 رنز اسکور کیے۔ گزشتہ سال 5 میچز میں انہوں نے تقریباً 40 کی اوسط سے 397 رنز بنائے اور رواں برس 6 میچز میں انہوں نے 376 رنز اسکور کیے۔ اسی عرصے میں 720 رنز کے ساتھ بابر اعظم دوسرے اور 643 رنز بنانے والے محمد رضوان تیسرے بہترین پاکستانی بیٹر ہیں۔



شان ان دنوں قائداعظم ٹرافی کا میچ نہیں کھیل رہے ہیں

عرفات منہاس نے سہ ملکی سیریز میں پاکستان کے لیے ٹائٹل جیتنے میں اہم کردار ادا کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے نوجوان آل راؤنڈر عرفات منہاس کو ہوم ون ڈے سہ ملکی سیریز میں شاندار کارکردگی پر اکتوبر 2026 کے لیے آئی سی سی مینز پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کے لیے نامزد کر دیا گیا۔ عرفات منہاس نے سہ ملکی سیریز میں پاکستان کے لیے ٹائٹل جیتنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے پانچ اننگز میں 29.80 کی اوسط سے 149 رنز بنائے، جبکہ 9 وکٹیں بھی حاصل کیں جن میں انگلینڈ کے خلاف 6 وکٹیں شامل تھیں۔ انگلینڈ کے خلاف میچ میں عرفات منہاس نے 40 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کیں اور 59 رنز کی اننگز بھی کھیلی۔ یہ پاکستان کی سرزمین پر کسی پاکستانی بولر کی دوسری بہترین ون ڈے بولنگ کارکردگی ہے۔

رونالڈو کی ریٹائرمنٹ پر ویرات کوہلی کا پیغام وائرل

شائقین کو برسوں تک بہترین کھیل سے محظوظ کرنے پر شکریہ بھی ادا کیا

لزبن (این این آئی) کرسٹیانو رونالڈو کی انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی اور آئی پی ایل چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) نے بھی انہیں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ آر سی بی نے سوشل میڈیا پر رونالڈو کے شاندار کیریئر کو سراہتے ہوئے لکھا کہ مڈیرا کا ایک چھوٹا لڑکا محنت اور خود اعتمادی کے ذریعے عالمی آئیکون بن گیا۔ فرنچائز نے پرتگال کے لیے ان کی خدمات اور شائقین کو برسوں تک بہترین کھیل سے محظوظ کرنے پر شکریہ بھی ادا کیا۔ آر سی بی کے پیغام میں ویرات کوہلی کے وہ الفاظ بھی شامل کیے گئے

پی ایس بی کوچنگ سینٹر کے گراؤنڈ پر مصنوعی کے بجائے قدرتی گھاس لگانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) کھلاڑیوں اور ایتھلیٹکس سے تعلق رکھنے والی شخصیات کا احتجاج اور کاوشیں رنگ لے آئیں، کراچی کے پی ایس بی کوچنگ سینٹر کے گراؤنڈ میں مصنوعی گھاس لگانے کا فیصلہ مؤخر کر دیا گیا ہے، باخبر ذرائع کے مطابق اب مذکورہ مقام پر مصنوعی گھاس کے بجائے اصل قدرتی گھاس لگائی جائے گی اس حوالے سے پاکستان اسپورٹس بورڈ کی جانب سے باقاعدہ اعلان جلد ہی متوقع ہے، واضح رہے کہ پی ایس بی کی جانب سے کھیلوں کے معروف مقام پر جاری نئے تعمیراتی منصوبے کے تحت قدرتی گھاس کی بجائے مصنوعی گھاس لگانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔



لاہور: پریمیئر لیگ ایڈیشن 10 کے [illegible] ٹیموں کے کپتان [illegible] ٹاس کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ کے لیے این او سی نہ دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹرز کو افغانستان پریمیئر لیگ کے لیے این او سی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وسیم اکرم کو افغانستان پریمیئر لیگ میں مینٹور کی آفر ہوئی تھی تاہم سابق کپتان نے پی سی بی کی پالیسی کے خلاف نہ جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ دوسری جانب پی سی بی نے بھی قومی کرکٹرز کو اس سلسلے میں این او سی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل پاکستان کے سابق فاسٹ بولر محمد عامر افغانستان پریمیئر لیگ کا حصہ بن گئے ہیں اور انہوں نے برطانوی شہری کی حیثیت سے اے پی ایل میں حصہ لیا ہے۔

نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کیلئے دونوں بورڈز میں بات چیت

لاہور (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کے سلسلے میں پاکستان اور نیوزی لینڈ دونوں بورڈز کے درمیان بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈز سیریز کے شیڈول اور وینیوز پر بات چیت کر رہے ہیں، اس حوالے سے حتمی مشاورت کے بعد سیریز کا باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے 2 ٹیسٹ میچز کے لیے نیوزی لینڈ نے فروری مارچ میں پاکستان کا دورہ کرنا ہے، اس حوالے سے رمضان المبارک اور ٹیموں کی مصروفیات کو سامنے رکھ کر شیڈولنگ کی جا رہی ہے۔ نیوزی لینڈ اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان سیریز 16 فروری کو ہیملٹن میں ختم ہوگی

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
اندراج تاریخ پیدائش — اندراج تاریخ وفات — اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام — درستگی نام — اعلان لاتعلقی
عاق نامہ — اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

سے سیکٹر E-12 میں ترقیاتی سرگرمیاں تیزی کیساتھ جاری ہیں۔ سیکٹر E-12/4 میں ارتھ ورک کا کام مکمل جبکہ بیس، سب بیس اور ڈرینج ورک کا کام تیزی سے جاری ہے۔ سروس روڈ خیابانِ اقبال پر ارتھ ورک مکمل ہو چکا ہے جبکہ ساؤتھ اور ایسٹ سروس روڈ پر ارتھ ورک کا کام بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ اسی طرح بیس ورک سمیت ڈرینج ورک کا کام بھی تیزی کیساتھ جاری ہے۔ سیکٹر E-12/3 کی 15 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST) جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک اور بیس ورک پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اسی طرح سیکٹر E-12/2 کی 25 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST) مکمل جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک اور بیس ورک پر تیزی سے کام جاری ہے۔ جبکہ سیکٹر E-12/1 کی 25 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST) مکمل جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک پر کام جاری ہے۔ اس موقع پر چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ سیکٹر ڈویلپمنٹ میں حائل تمام رکاوٹوں کو قانون کیمطابق دور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکٹر E-12 میں 40 سال بعد اربوں روپے مالیت کی 1135 کنال سرکاری اراضی واگزار کروائی جا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سیکٹر E-12 سمیت دیگر سیکٹرز میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل سی ڈی اے انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی جلد تکمیل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سیکٹر E-12 کی ڈویلپمنٹ سے نہ صرف شہریوں کو بہتر رہائشی سہولیات فراہم ہونگی بلکہ شہر کی مجموعی ڈویلپمنٹ میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر دارالحکومت اسلام آباد میں رہائشی ضروریات کو پورا کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 2

ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں، کیمونیکیشن ٹیم نے شہر کی جامع مساجد میں نمازیوں کو صفائی کی اہمیت اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ کوڑا کرکٹ سڑکوں، گلیوں اور کھلے مقامات پر پھینکنے کے بجائے مقررہ ویسٹ کلیکشن پوائنٹس پر ڈالیں، اپنے گھروں اور محلوں کو صاف رکھیں اور صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ کیمونیکیشن ٹیم نے شہریوں کو یہ پیغام بھی دیا کہ صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا اجتماعی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے ہر شہری کا عملی تعاون ضروری ہے۔ اینٹی سموگ مہم کے تحت شہریوں اور دکانداروں کو کوڑا کرکٹ اور دیگر فضلہ کھلے مقامات پر جلانے سے گریز کرنے، ماحول میں دھواں اور آلودگی پھیلانے والے عوامل کی روک تھام اور صفائی کے مقررہ اصولوں پر عمل کرنے کی تلقین کی گئی۔ فیلڈ ٹیموں کی جانب سے سڑکوں، بازاروں اور عوامی مقامات سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور صفائی کی صورتحال بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ گرد و غبار اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانے کی کوششوں کو مؤثر بنایا جا سکے۔ اینٹی لٹرنگ مہم کے سلسلے میں ستھرا پنجاب اتھارٹی کا اینٹی لٹرنگ سکواڈ بھی شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ سکواڈ کی جانب سے کوڑا کرکٹ پھیلانے والوں کی نگرانی، دکانداروں اور شہریوں کو وارننگز جاری کرنے اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کو واضح کیا جا رہا ہے کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر گندگی پھیلانے سے نہ صرف شہر کا ماحول متاثر ہوتا ہے بلکہ صفائی کے نظام میں بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ اسی طرح اینٹی ڈینگی مہم کے تحت صفائی سرگرمیوں اور عوامی آگاہی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ شہریوں کو گھروں، گلیوں، محلوں، خالی پلاٹوں اور دیگر مقامات پر صفائی برقرار رکھنے، پانی جمع نہ ہونے دینے اور ایسی جگہوں کی نشاندہی و صفائی کرنے کی ترغیب دی جا رہی ہے جہاں مچھروں کی افزائش کا خدشہ ہو۔ کیمونیکیشن ٹیم کی جانب سے شہریوں کو بتایا جا رہا ہے کہ صاف ستھرا ماحول اور احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ڈینگی کے پھیلاؤ کے خطرات کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے متعلقہ افسران، فیلڈ اسٹاف اور کیمونیکیشن ٹیم کو ہدایت کی ہے کہ صفائی آپریشن کے ساتھ اینٹی سموگ، اینٹی لٹرنگ اور اینٹی ڈینگی مہم کو بھی بھرپور انداز میں جاری رکھا جائے۔ انہوں نے مساجد، بازاروں، مرکزی شاہراہوں اور گلی محلوں میں صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے، شہریوں کی آگاہی کے لیے سرگرمیاں تیز کرنے اور فیلڈ آپریشن کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے پر زور دیا۔ رانا ساجد صفدر نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ صفائی مہم میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں، کچرا جلانے سے اجتناب کریں، پانی جمع نہ ہونے دیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ صاف، سرسبز، سموگ اور ڈینگی سے محفوظ راولپنڈی کا قیام مشترکہ کوششوں اور شہریوں کے ذمہ دارانہ طرزِ عمل سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 3

طور پر اب تک 35 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے پروجیکٹ سائٹ پر جاری کام کے جائزے کے بعد "اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ اس اسٹریٹجک کوریڈور کے اسلام آباد کی حدود میں آنے والے حصے پر تعمیراتی سرگرمیاں پوری رفتار سے آگے بڑھائی جا رہی ہیں تاکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے دی گئی مقررہ ٹائم لائن کے اندر منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کی راہ میں حائل سائیٹ کلیرنس کے معاملات، بشمول درجنوں اسٹرکچرز، نجی رکاوٹوں کے ازالے، برساتی نالوں پر ڈرینج کلورٹس کی تنصیب اور بجلی و گیس کی سروس لائنز کی منتقلی کے عمل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے تاکہ ہیوی مشینری بلا تعطل زمینی ارتھ ورک مکمل کر سکے۔ چیئرمین سی ڈی اے کا کہنا تھا کہ جی ٹی روڈ (این 5- کو اسلام آباد اور ایم ون موٹروے سے منسلک کرنے والا یہ منصوبہ دارالحکومت میں داخلے کے راستوں اور سری نگر ہائی وے پر ٹریفک دباؤ کو مستقل بنیادوں پر حل کرے گا، جس سے جڑواں شہروں کے شہریوں سمیت پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مسافروں کو تیز رفتار، سگنل فری اور محفوظ ترین سفر کی سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 4

روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی خیرات نہیں بلکہ قومی معیشت اور انسانی ترقی میں سرمایہ کاری ہے۔ عالمی بینک کی تحقیق کے مطابق پروگرام کے تحت خرچ ہونے والے ہر ایک روپے سے مقامی معیشت میں تقریباً 2.34 روپے کی معاشی سرگرمی پیدا ہوتی ہے۔ مستحق خاندان یہ رقم خوراک، تعلیم، علاج اور دیگر ضروریات پر ملک کے اندر خرچ کرتے ہیں، جس سے مقامی معیشت کو تقویت ملتی ہے۔ دنیا اس پروگرام کی معترف ہے، مختلف ممالک ہمارے ماڈل کو سٹڈی کر کے اس کو اپنے ملک میں نافذ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی ایک مضبوط ادارہ جاتی نظام کے تحت کام کرتا ہے، جہاں نگرانی، جانچ پڑتال اور احتساب کے متعدد طریقہ کار موجود ہیں۔ پروگرام کا ہر سال آڈیٹر جنرل آف پاکستان کے ذریعے باقاعدہ آڈٹ ہوتا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ فلاح و خیرات کے نام پر اربوں روپے چندہ اکٹھا کرنے والوں اور قربانی کی کھالوں سے حاصل ہونے والی آمدن کا آڈٹ اور حساب کتاب بھی عوام کے سامنے آنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی عطیات ہوں یا سرکاری وسائل، دونوں کے استعمال میں شفافیت اور جوابدہی ضروری ہے۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ یہ پروگرام مذہب، مسلک، ذات، برادری، زبان، علاقے اور سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر مستحق شہریوں کی معاونت کرتا ہے۔ بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والی خواتین اور ان کے خاندانوں کی عزتِ نفس کا احترام کیا جانا چاہیے۔ غربت اور مہنگائی کے خلاف جدوجہد کرنے والے شہریوں کی تضحیک مناسب نہیں۔ بینظیر ہنرمند پروگرام کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ آج نئے معاہدے کے تحت پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے نوجوانوں کو تربیتی اداروں میں چھ ماہ کی رہائشی پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں پاک آسٹریا انسٹی ٹیوٹ آف اپلائیڈ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی، ہری پور کے ساتھ تعاون کیا جا رہا ہے تاکہ نوجوانوں کو جدید اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر سکھا کر روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی نے انٹرآپریبلٹی (Interoperability) کا نظام متعارف کرایا ہے، جس کے تحت چھ شراکت دار بینکوں کے ذریعے بینیفشریز کے ایک کروڑ ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس کھول دیئے گئے ہیں۔ ان پارٹنر بینکوں میں حبیب بینک، بینک الفلاح، بینک آف پنجاب، ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک، ٹیلی نار مائیکروفنانس بینک اور موبی لنک/ جاز بینک شامل ہیں۔ اس نظام کے تحت خواتین کسی مخصوص بینک کی پابند نہیں اب پاکستان میں جہاں چاہیں، جب چاہیں، اپنی سہولت کے مطابق بینکوں کے مجاز ریٹیلرز سے اپنی رقم وصول کر سکیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس کے ذریعے خواتین کو اپنی موصول ہونے والی اور نکلوائی گئی رقم کا باقاعدہ میسج آئے گا۔ کسی بھی بے ضابطگی کی صورت میں وہ ثبوت کے ساتھ شکایت درج کرا سکیں گی۔ اس نظام سے خواتین کی مالی خودمختاری اور ادائیگیوں میں شفافیت کو فروغ ملے گا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے میڈیا کے نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ پروگرام کی شفافیت اور بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ ادائیگیوں، بینکوں، ریٹیلرز یا عملے کے حوالے سے کسی بھی بے ضابطگی یا مستحق خواتین کے ساتھ ناانصافی کی صورت میں فوری طور پر بی آئی ایس پی کو آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہماری آنکھیں اور کان ہے اور ہر جائز شکایت کا نوٹس لے کر ضروری کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سیاست سے بالاتر ہو کر ملک کے غریب اور مستحق عوام کو معاشی تحفظ فراہم کرتا رہے گا۔

بقیہ 5

23 (روپے 01 پیسہ ریکارڈ کی گئی تھی۔ کمپنی کی جانب سے انتظامی و عملی صلاحیت میں بہتری لانے اور گیس کے نقصانات (یو ایف جی) پر قابو پانے کے لیے مسلسل اور مؤثر کوششوں کے بھی مثبت نتائج سامنے آئے۔ سال کے دوران یو ایف جی کے حجم میں 1672 ملین مکعب فٹ کی کمی ریکارڈ کی گئی، جو 29520 ملین مکعب فٹ سے کم ہو کر 27848 ملین مکعب فٹ رہ گیا ہے۔ یہ کمی کمپنی کے آپریشنل کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور گیس کے نقصانات (یو ایف جی) کی روک تھام کے لیے جاری عزم اور مؤثر اقدامات کی عکاس ہے۔ کمپنی کا سالانہ اجلاس عام 27 نومبر 2026ء کو کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوگا، جس میں حصص داران سالانہ مالیاتی گوشواروں، تجویز کردہ حتمی نقد منافع منقسمہ اور دیگر معمول کے کاروباری امور پر غور و خوض کے بعد منظوری دیں گے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے بالخصوص گیس کے نقصانات (یو ایف جی) پر قابو پانے اور کمپنی کی جانب سے انتظامی و عملی صلاحیتوں میں بہتری لانے کے لیے کی جانے والی مربوط اور مشترکہ کوششوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ بورڈ نے اپنے مقرر کردہ اہداف کے حصول کے لیے کمپنی کے ملازمین کی لگن، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور عزم کو بھی سراہا۔ مزید برآں، بورڈ اراکین، انتظامیہ اور عملے کی گراں قدر خدمات کو کمپنی کی مجموعی کارکردگی میں بہتری اور اس تاریخی مالی سنگِ میل کے حصول میں اہم کردار کا حامل قرار دیا۔

بقیہ 6

وفود کے لیے پروٹوکول انتظامات کو مزید بہتر بنانا ہے۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی اور شجرکاری بھی کی۔ تقریب میں سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ایئر وائس مارشل شاہد افضال، چیف آپریٹنگ افسر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ آفتاب گیلانی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ پی اے اے کے مطابق نئے اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر اسلام آباد ایئرپورٹ پر ریاستی مہمان نوازی اور پروٹوکول کی سہولتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے غیر ملکی سربراہانِ مملکت اور اعلیٰ سطح کے وفود کو بہتر سہولتیں میسر آئیں گی، جبکہ پاکستان آنے والے معزز مہمانوں کے استقبال اور میزبانی کے انتظامات بھی مزید مؤثر بنائے جا سکیں گے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق یہ اقدام ملک کے ہوائی اڈوں پر سہولتوں کو جدید بنانے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق خدمات فراہم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

بقیہ 7

خصوصی تربیتی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) کی مینیجنگ ڈائریکٹر محترمہ صاحبزادی وسیمہ عمر نے اپنی ماہر ٹیم کے ہمراہ شرکت کی اور شرکاء کو سرکاری خریداری کے قانونی و ضابطہ جاتی فریم ورک، عملی طریقہ کار اور متعلقہ تقاضوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ تربیتی سیشن کا بنیادی مقصد یونیورسٹی کے انتظامی و متعلقہ افسران کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار میں اضافہ، پنجاب پروکیورمنٹ رولز 2014ء پر مؤثر عمل درآمد اور سرکاری خریداری کے تمام مراحل میں شفافیت، جوابدہی اور قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنانے کے حوالے سے عملی رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ سیشن کے دوران محترمہ صاحبزادی وسیمہ عمر نے کہا کہ سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت، منصفانہ مسابقت اور قانونی تقاضوں کی پاسداری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے ای پروکیورمنٹ سسٹم (EPADS) کے مؤثر استعمال اور متعلقہ اداروں میں پیشہ ورانہ مہارتوں کے فروغ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری وسائل کے ذمہ دارانہ اور مؤثر استعمال کے لیے افسران کی قواعد و ضوابط سے مکمل آگاہی اور مسلسل تربیت ناگزیر ہے۔ سیشن کے دوران شرکاء کو پروکیورمنٹ کے مختلف مراحل، قانونی تقاضوں، ضابطہ جاتی امور، شفافیت کے اصولوں اور ای پروکیورمنٹ کے عملی استعمال سے متعلق تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ سوال و جواب کی نشست میں شرکاء نے انتظامی و عملی نوعیت کے مسائل پیش کیے، جن پر مینیجنگ ڈائریکٹر اور ان کی ٹیم نے مفصل جوابات اور قابل عمل تجاویز دیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف اور مینیجنگ ڈائریکٹر کے درمیان ملاقات کے دوران سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، ادارہ جاتی استعدادِ کار میں اضافے اور ای پروکیورمنٹ کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ یونیورسٹی کے انتظامی و مالیاتی امور کی مؤثر انجام دہی کے لیے متعلقہ قوانین پر عمل درآمد، شفافیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا فروغ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کا مزید کہنا تھا کہ سرکاری خریداری کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کی پاسداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ وائس چانسلر نے تربیتی سیشن کے انعقاد اور انتظامی افسران کی رہنمائی کے لیے پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) کی مینیجنگ ڈائریکٹر محترمہ صاحبزادی وسیمہ عمر اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محترمہ صاحبزادی وسیمہ عمر نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی جانب سے انتظامی افسران کی استعدادِ کار بڑھانے اور سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت و قواعد کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے کی جانے والی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں کو سراہا۔ بین الجامعاتی تعاون اور پیشہ ورانہ روابط کے فروغ کے لیے راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی جانب سے دیگر جامعات کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ تربیتی سیشن میں فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی، پیر مہر علی شاہ ارِڈ ایگریکلچر یونیورسٹی، راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی اور کوہسار یونیورسٹی مری کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ اس طرح مختلف اعلیٰ تعلیمی اداروں کے افسران کو تجربات کے تبادلے، پیشہ ورانہ روابط کے فروغ اور پروکیورمنٹ سے متعلق مشترکہ انتظامی امور پر سیکھنے کا موقع ملا۔ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں اس نوعیت کے تربیتی اقدامات کا مقصد ادارہ جاتی نظم و نسق کو مؤثر بنانا، انتظامی امور میں شفافیت و جوابدہی کو فروغ دینا اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مسلسل پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 8

کمشنر کشمور سے رابطہ کرنے کی یقین دہانی کرائی، جس کے بعد گاؤں کے معزز شخصیت نصیر خان اوگاہی نے پولیو مہم کے بائیکاٹ کے خاتمے کا اعلان کر دیا تفصیلات کے مطابق غوثپور کے قریب واقع گاؤں جیئد اوگاہی کے رہائشی گزشتہ کافی عرصے سے گاؤں میں پرائمری اسکول کی عمارت کی تعمیر اور مرمت کے مطالبے کے حق میں احتجاج کر رہے تھے۔ گاؤں والوں کا مؤقف تھا کہ اسکول کی عمارت کی منظوری ہونے کے باوجود محکمہ تعلیم کی جانب سے تا حال تعمیراتی کام شروع نہیں کیا جا رہا، جس کے باعث علاقے کے بچوں کا تعلیمی مستقبل متاثر ہو رہا ہے۔ رہائشیوں نے اپنے مطالبے کی منظوری تک پولیو مہم کا بائیکاٹ جاری رکھنے کا اعلان کیا تھا اس سلسلے میں ڈی ایچ او سید اعجاز علی شاہ جیلانی نے جمعیت علمائے اسلام کے امیر سید سہیل احمد شاہ کے ہمراہ ایک وفد تشکیل دے کر متاثرہ گاؤں کا دورہ کیا اور احتجاج کرنے والے رہائشیوں سے ملاقات کر کے ان کے تحفظات سنے۔ مذاکرات کے دوران ڈی ایچ او نے یقین دہانی کرائی کہ اسکول کی عمارت کا معاملہ ڈپٹی کمشنر کشمور کے سامنے اٹھایا جائے گا اور مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے، بچوں کے لیے انتہائی ضروری ہیں اور پولیو مہم سے دور رہنے کی صورت میں بچوں کی صحت کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، اس لیے بچوں کو بروقت پولیو کے قطرے پلانا والدین اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے وفد کی جانب سے یقین دہانی اور مذاکرات کے بعد گاؤں کے معزز شخصیت نصیر خان اوگاہی نے پولیو مہم کا بائیکاٹ ختم کرنے کا اعلان کیا، جس کے بعد علاقے میں پولیو مہم جاری رکھنے کی راہ ہموار ہو گئی علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گاؤں کے پرائمری اسکول کی عمارت کا معاملہ جلد حل کر کے تعمیراتی کام شروع کروایا جائے تاکہ علاقے کے بچوں کو تعلیم کے لیے بہتر سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ 9

میں شامل ہے۔ ہر شہری کے لیے میرے دفتر کے دروازے کھلے ہیں، کوئی بھی شخص بلا جھجک دفتر آ کر اپنا مسئلہ بیان کر سکتا ہے۔ عوام کے مسائل سو فیصد میرٹ پر حل کیے جائیں گے اور کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ ایس ایچ او میڈم نادرہ کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں کو اپنے جائز کاموں کے لیے کسی سفارش کی ضرورت نہیں، تھانہ میں آنے والے ہر شہری کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے گا اور قانون و میرٹ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ علاقے میں امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا جرائم کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں۔

بقیہ 10

ٹیموں نے راولپنڈی اور چکوال میں قوانین کی سنگین خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بڑی اور اہم کارروائیاں کی ہیں۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق راولپنڈی ڈویژن میں قوانین کی سنگین ورزی پر 3 فوڈ یونٹس پر چھاپے مارے گئے، جہاں 14 لاکھ روپے کے بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ ایک یونٹ کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران 5 کروڑ 50 لاکھ روپے کی ریکارڈ مالیت کی مضرِ صحت، زائد المیعاد اور ممنوعہ اشیاء قبضے میں لے کر تلف کر دی گئیں۔ تلف کی جانے والی اشیاء کی تفصیل درج ذیل ہے: مصالحہ جات: 4,350 کلو ملاوٹ شدہ زیرہ، 770 کلو دھنیا پاؤڈر اور 455 کلو ممنوعہ چائنیز نمک۔ گوشت و دیگر اشیاء: 400 کلو مضرِ صحت و پانی لگا گوشت، 300 کلو غیر معیاری اچار اور 200 کلو غیر تصدیق شدہ سنیکس و چاکلیٹس۔ مشروبات و ممنوعہ مواد: 2,110 لیٹر زائد المیعاد مشروبات، 537 کلو زائد المیعاد متفرق خوراک، 10,000 گٹکا ساشے اور 25 کلو ممنوعہ نان فوڈ گریڈ رنگ۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد نے بتایا کہ مارکیٹ میں مضرِ صحت اور پانی لگا گوشت سپلائی کرنے والے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کروایا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ "پنجاب میں خوراک کا کاروبار صرف اور صرف مقررہ قوانین اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق ہی کیا جا سکتا ہے۔ عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت ترین یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔" ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ خوراک سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت یا ملاوٹ کی اطلاع فوری طور پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹول فری ہیلپ لائن 1223 پر دیں

بقیہ 11

کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی متحرک قیادت میں امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء کے تمام امتحانی مراکز کی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے مسلسل ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے امتحانی مراکز کی کڑی نگرانی بھی جاری ہے۔ امتحانی عمل کی شفافیت اور مؤثریت برقرار رکھنے کے لیے انسپکٹرز اور ویجیلنس کمیٹیاں فیلڈ میں متحرک ہیں اور مختلف امتحانی مراکز کے دورے کر کے انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں۔ کنٹرولر امتحانات مبشر سعید امتحانی عمل کی نگرانی اور انتظامات کے جائزے کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ مختلف امتحانی مراکز کے دوروں کے دوران امتحانی عمل، عملے کی حاضری، سکیورٹی انتظامات اور جاری کردہ ایس او پیز پر عمل درآمد کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ امتحانی عمل کو شفاف اور منظم رکھنے کے لیے متعلقہ افسران اور عملے کو ضروری ہدایات بھی جاری کی جا رہی ہیں۔ سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی ذوالکیف عمر شاہ بھی مختلف امتحانی مراکز کے دورے کر رہے ہیں اور انتظامی امور، نظم و ضبط اور امتحانی عمل کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ تمام مراکز میں امتحانی سرگرمیاں مقررہ ضابطہ کار کے مطابق جاری رہیں۔ بورڈ انتظامیہ کی جانب سے امتحانی نظام کو محفوظ، شفاف اور ہر قسم کی بے ضابطگی سے پاک بنانے کے لیے جامع اقدامات کیے گئے ہیں۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے ذریعے مسلسل نگرانی، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور فیلڈ افسران کی مؤثر موجودگی اس امر کو یقینی بنا رہی ہے کہ طلبہ کو میرٹ کی بنیاد پر امتحان دینے کے یکساں مواقع میسر ہوں۔ تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ امتحانی عمل میں شفافیت، میرٹ اور نظم و ضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ نقل اور ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائی کا سلسلہ امتحانات کے اختتام تک جاری رہے گا۔

بقیہ 12

ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے فیلڈ ٹیمیں متحرک رہیں، کیمونیکیشن ٹیم نے شہر کی جامع مساجد میں نمازیوں کو صفائی کی اہمیت اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ کوڑا کرکٹ سڑکوں، گلیوں اور کھلے مقامات پر پھینکنے کے بجائے مقررہ ویسٹ کلیکشن پوائنٹس پر ڈالیں، اپنے گھروں اور محلوں کو صاف رکھیں اور صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ کیمونیکیشن ٹیم نے شہریوں کو یہ پیغام بھی دیا کہ صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا اجتماعی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے ہر شہری کا عملی تعاون ضروری ہے۔ اینٹی سموگ مہم کے تحت شہریوں اور دکانداروں کو کوڑا کرکٹ اور دیگر فضلہ کھلے مقامات پر جلانے سے گریز کرنے، ماحول میں دھواں اور آلودگی پھیلانے والے عوامل کی روک تھام اور صفائی کے مقررہ اصولوں پر عمل کرنے کی تلقین کی گئی۔ فیلڈ ٹیموں کی جانب سے سڑکوں، بازاروں اور عوامی مقامات سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور صفائی کی صورتحال بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ گرد و غبار اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانے کی کوششوں کو مؤثر بنایا جا سکے۔ اینٹی لٹرنگ مہم کے سلسلے میں ستھرا پنجاب اتھارٹی کا اینٹی لٹرنگ سکواڈ بھی شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ سکواڈ کی جانب سے کوڑا کرکٹ پھیلانے والوں کی نگرانی، دکانداروں اور شہریوں کو وارننگز جاری کرنے اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کو واضح کیا جا رہا ہے کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر گندگی پھیلانے سے نہ صرف شہر کا ماحول متاثر ہوتا ہے بلکہ صفائی کے نظام میں بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ اسی طرح اینٹی ڈینگی مہم کے تحت صفائی سرگرمیوں اور عوامی آگاہی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ شہریوں کو گھروں، گلیوں، محلوں، خالی پلاٹوں اور دیگر مقامات پر صفائی برقرار رکھنے، پانی جمع نہ ہونے دینے اور ایسی جگہوں کی نشاندہی و صفائی کرنے کی ترغیب دی جا رہی ہے جہاں مچھروں کی افزائش کا خدشہ ہو۔ کیمونیکیشن ٹیم کی جانب سے شہریوں کو بتایا جا رہا ہے کہ صاف ستھرا ماحول اور احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ڈینگی کے پھیلاؤ کے خطرات کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے متعلقہ افسران، فیلڈ اسٹاف اور کیمونیکیشن ٹیم کو ہدایت کی ہے کہ صفائی آپریشن کے ساتھ اینٹی سموگ، اینٹی لٹرنگ اور اینٹی ڈینگی مہم کو بھی بھرپور انداز میں جاری رکھا جائے۔ انہوں نے مساجد، بازاروں، مرکزی شاہراہوں اور گلی محلوں میں صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے، شہریوں کی آگاہی کے لیے سرگرمیاں تیز کرنے اور فیلڈ آپریشن کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے پر زور دیا۔ رانا ساجد صفدر نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ صفائی مہم میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں، کچرا جلانے سے اجتناب کریں، پانی جمع نہ ہونے دیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ صاف، سرسبز، سموگ اور ڈینگی سے محفوظ راولپنڈی کا قیام مشترکہ کوششوں اور شہریوں کے ذمہ دارانہ طرزِ عمل سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 13

واجبات اور جرمانے کی مکمل وصولی تک پلازہ سیل رہے گا۔

بقیہ 14

بلکہ اس سے بجلی بلوں اور ڈیمانڈ نوٹسز کے عمل میں شفافیت، درستگی اور سہولت کو بھی فروغ ملے گا۔ اس سہولت سے مستفید ہونے کے لئے آئیسکو کے معزز صارفین بینکنگ ایپلی کیشنز/ موبائل والٹ کھولیں، بجلی کے بل یا ڈیمانڈ نوٹس پر پرنٹ کیو آر کو اسکین کریں، رقم کی تصدیق کے بعد بل کی ادائیگی کریں۔ اس سلسلے میں انہوں نے صارفین سے درخواست کی کہ وہ اصل بجلی کے بل یا ڈیمانڈ نوٹس پر پرنٹ شدہ کیو آر کوڈ ہی سکین کریں اور ادائیگی سے پہلے رقم کی تصدیق ضرور کر لیں۔ صارفین کیلئے یہ سہولت 24 گھنٹے اور ساتوں دن دستیاب ہے۔

بقیہ 15

دیا۔ تقریب کے دوران اسکول کے طلبہ و طالبات نے پرجوش انداز میں علامہ اقبال کے پیغام پر تقریریں پیش کیں، جبکہ ان کی عظیم شاعری پر خوبصورت ٹیبلوز پیش کر کے حاضرین سے داد حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں مہمانوں کی جانب سے انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 16

قانون کی بالادستی کسی بھی مہذب ترقی یافتہ اور منصفانہ معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے معاشرے میں امن و امان کے قیام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ عدلیہ اور وکلاء برادری کا کردار معاشرے میں انصاف کے قیام کے حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ وکلاء عوام کے قانونی حقوق کے تحفظ اور انصاف کے حصول کے لیے ایک مؤثر کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے نوجوان وکلاء سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ وکالت محض ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری اور عوامی خدمت کا ذریعہ بھی ہے ایک کامیاب وکیل بننے کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان وکلاء قانون کا مسلسل مطالعہ کریں اپنی علمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کریں اور عدالتوں میں اپنے مقدمات کو مکمل تیاری دلیل تحقیق اور قانونی مہارت کے ساتھ پیش کریں ان کا کہنا تھا کہ نوجوان وکلاء کو چاہیے کہ وہ اپنے سینئرز کے تجربات سے استفادہ حاصل کریں اپنے پیشے کے وقار اور عزت کا خیال رکھیں اور ہر صورت میں دیانت داری شائستگی اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو مقدم رکھیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے فرائض کی انجام دہی ہی ایک مضبوط عدالتی نظام کی بنیاد ہے محسن علی خان پٹھان نے اپنے خطاب میں انصاف کی بروقت فراہمی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے جبکہ اس عمل کو مؤثر شفاف اور بہتر بنانے میں عدلیہ کے ساتھ وکلاء برادری کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط قانونی نظام اسی وقت قائم ہو سکتا ہے جب تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں انہوں نے نوجوان وکلاء کو نصیحت کی کہ وہ وقتی کامیابی کے بجائے علم کردار محنت اور قابلیت کو اپنی پہچان بنائیں کیونکہ پیشہ ورانہ زندگی میں عزت اور مقام حاصل کرنے کے لیے مستقل مزاجی قانونی آگاہی اور اصولوں کی پاسداری بنیادی حیثیت رکھتی ہے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کشمور @ کندھ کوٹ میں منعقدہ اس تقریب کو وکلاء برادری کے لیے ایک اہم موقع قرار دیا گیا جہاں نوجوان وکلاء کو عدالتی نظام قانون کی حکمرانی اور اپنے پیشے کی ذمہ داریوں کے حوالے سے رہنمائی حاصل ہوئی معزز CNS جج کراچی محسن علی خان پٹھان کا یہ دورہ اور خطاب نوجوان وکلاء کی پیشہ ورانہ تربیت حوصلہ افزائی اور قانونی شعبے میں ان کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے

بقیہ 17

لیے ٹیسٹ سینٹر میں خصوصی میڈیکل کیمپ بھی قائم کیا گیا ہے، جہاں میڈیکل ٹیم موقع پر طبی معائنہ، ابتدائی طبی امداد اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت موجود ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹیسٹ سینٹر میں ادارے کے سینئر افسران خود موجود رہے جنہوں نے تمام انتظامات اور عمل کی شفافیت کا تفصیلی جائزہ لیا۔

بقیہ 18

مکمل دستاویزات کے ساتھ جمع کروائیں۔

بقیہ 19

ہوئی شیا کے ساتھ کمپنی قائم کی۔ کمپنی گاڑیوں، الیکٹرانکس اور سیمی کنڈکٹرز کی صنعتوں کے لیے چپکنے والے مادے، ٹیپ اور دیگر خصوصی مصنوعات تیار کرتی ہے۔ اس کی مصنوعات استعمال کرنے والے بڑے اداروں میں ٹیسلا، ایپل اور بی وائی ڈی بھی شامل ہیں۔ فوربز کے اندازوں کے مطابق حصص کی قیمت میں اضافے کے بعد مائیکل مائی کے اثاثوں کی مالیت قریباً اڑھائی ارب ڈالر تک پہنچ گئی، جب کہ ان کی بہن کی دولت کا تخمینہ 2 ارب ڈالر لگایا گیا ہے۔ کمپنی نے حصص کی ابتدائی فروخت سے تقریباً 95 کروڑ 60 لاکھ یوآن، یعنی 14 کروڑ 40 لاکھ ڈالر حاصل کیے تھے۔

بقیہ 20

کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے اکتوبر میں ہی وائٹ ہاؤس کو مستعفی ہونے کے ارادے سے آگاہ کر دیا تھا۔

بقیہ 21

نہیں کیے جا سکتے۔ عدالت نے معاملے کے جامع اور منصفانہ جائزے کے لیے حکومت پاکستان، وزارت تعلیم اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کو بھی مقدمے میں فریق بنانے کی ہدایت کر دی۔ مقدمہ نمبر 1286/2026 کی سماعت کے دوران عدالت نے یونیورسٹی کے مالی معاملات میں قواعد و ضوابط کی پابندی، مالی نظم و ضبط اور شفافیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ وفاقی اردو یونیورسٹی کی جانب سے شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر سید عنایت علی شاہ، انچارج لیگل سیکشن ظفر غوری اور خزانچی محمد دانش احسان عدالت میں پیش ہوئے اور مقدمے میں معاونت کی۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق عدالت کی جانب سے اختیار کردہ اصولی مؤقف کو تسلیم کرنا ادارے کے مالی معاملات کو قانونی تقاضوں کے مطابق چلانے اور مختص فنڈز کے شفاف استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 22

ادارے سکو کے تعاون سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ پاکستان کے اہم مالیاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ منصوبے کے تحت محفوظ، جدید اور لچکدار ڈیٹا سینٹر قائم کیا گیا ہے، جس کا مقصد مالیاتی نظام کے استحکام کو تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ بلا تعطل اور قابلِ اعتماد ڈیجیٹل بینکاری خدمات کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 23

ولد یوسف علی، رہائشی کوئٹہ کے نام سے ہوئی ہے، جو آسٹریلوی شہری اہلیہ کی جانب سے اسپانسر کردہ پارٹنر ویزا پر پرواز UL184 کے ذریعے آسٹریلیا روانہ ہو رہا تھا۔ امیگریشن حکام نے مسافر کے سفری ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی تو انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم (IBMS) میں پاکستان سے اس کی روانگی کا کوئی ریکارڈ موجود نہ تھا، جبکہ دستیاب ریکارڈ کے مطابق اس کی پہلی انٹری 2 ستمبر 2020 کو اسلام آباد آمد کی تھی، جو ایمرجنسی پاسپورٹ پر درج تھی۔ ابتدائی تفتیش میں مسافر نے بتایا کہ وہ افغانستان کے راستے دبئی اور بعد ازاں بھارتی پاسپورٹ پر انڈونیشیا گیا تھا، جہاں اس نے خود کو بھارتی شہری ظاہر کر کے پناہ کی درخواست جمع کرائی تھی۔ حکام نے اس کے قبضے سے 2018 کا اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (UNHCR) کا کارڈ اور پناہ کی درخواست بھی برآمد کی ہے۔

بقیہ 24

کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ ختم کرانے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کی جا رہی ہیں۔ روس اور ایران کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطے خطے کی بدلتی ہوئی صورتِ حال میں اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔ تاہم ایرانی سرکاری میڈیا کی رپورٹ میں جنیتا منہ ای کے خط کے مندرجات یا پیوٹن اور محسن رضائی کے درمیان ہونے والی گفتگو کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

بقیہ 25

سے متعلق جرائم سمیت معاشرے کے محروم طبقات کے تحفظ کے حوالے سے لیکچرز دیئے گئے، ورکشاپ میں تفتیشی افسران کو پیشہ وارانہ تفتیش و پیروی مقدمہ کے حوالے سے لیکچرز دیئے گئے، تفتیشی افسران کو مربوط اور جدید سائنسی انداز میں تفتیش کے طریقہ کار پر لیکچرز دیئے گئے، وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 26

نہیں کی جائے گی، ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 27

کلرسیداں پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 900 گرام چرس برآمد کی، آر اے بازار پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی

بقیہ 28

زیادہ مدت تک چل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے سیاسی اسپیس کہیں نہیں چھوڑا گیا، ہم سب کے خلاف تھری ایم او سمیت دیگر کیس ہیں، کل ہائی کورٹ کو بھی ہمارے کیسز سننے سے روک دیا گیا ہے، یہ افسوس ناک ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ملاقات ہونا اچھی بات ہے، بانی پی ٹی آئی کے کیسز سے متعلق مشاورت ہو جاتی ہے، پی ٹی آئی کو اپنے لیے راستہ خود ہی نکالنا پڑے گا، سیاسی اسپیس کسی کے سہارے نہیں ملے گا۔

بقیہ 29

سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، نماز جمعہ کی ادائیگی کیلئے شہر اور گرد و نواح سے سینکڑوں افراد نے پیدل شرکت کی، نماز جمعہ کی ادائیگی سے دو گھنٹے قبل وضو گاہوں پر شدید رش، نماز جمعہ کے بعد ہزاروں افراد نے کھانے کے حصول کیلئے کینٹینز کا رخ کیا، نماز جمعہ کے بعد بیانات کا سلسلہ جاری رہا، ہزاروں افراد نے اپنی زندگیاں دعوت و تبلیغ کیلئے وقف کرنے کا اعلان کیا، اجتماع گاہ کے اردگرد سینکڑوں حفاظ اکرام سورۃ یاسین کی تلاوت کرتے رہے، کتب خانوں سے شرکاء اسلامی تعلیمات کی کتب خریدنے میں مصروف رہے۔

بقیہ 30

او چکوال نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اپنے مختلف مسائل اور شکایات ڈی پی او چکوال کے سامنے پیش کیں، جن پر انہوں نے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری حل اور میرٹ پر دادرسی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 31

کلرسیداں کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 32

کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، قمار بازی جیسے جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 33

اساتذہ کی خدمات متعلقہ چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) ایجوکیشن کے سپرد کر دی جائیں گی۔ محکمہ کی جانب سے جاری ہدایات کے مطابق میٹرنٹی اور عدت کی رخصت کے علاوہ 89 روز سے زائد چھٹی پر جانے والے اساتذہ کو ویٹنگ پوسٹنگ پر رکھا جائے گا، جبکہ ان کی تعیناتی صرف ان اسکولوں میں کی جائے گی جہاں تدریسی عملے کی ضرورت ہو۔ پالیسی کے تحت 15 روز سے زائد مسلسل چھٹیوں کی حوصلہ شکنی کرنے کی بھی ہدایت جاری کی گئی ہے تاکہ تدریسی عمل بلا تعطل جاری رکھا جا سکے۔

بقیہ 34

شادی کے دوران جنسی تشدد سے متعلق علیحدہ قوانین بنانے کی استدعا کی، عدالت نے لکھا کہ شادی کی وجہ سے کسی خاتون کے آئینی حقوق اور انسانی وقار کم نہیں ہوتا، شادی کسی شریک حیات کو دوسرے پر تشدد کرنے کی اجازت نہیں دیتی۔ عدالت نے کہا کہ قانون سازی کرنا پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کا آئینی اختیار ہے، عدالتیں پارلیمنٹ کی جگہ خود قانون سازی نہیں کر سکتیں، خواتین کے تحفظ کے لیے پنجاب سمیت دیگر صوبوں میں گھریلو تشدد کے خلاف قوانین موجود ہیں۔

بقیہ 35

میں ایک ڈاکو ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوا، زخمی ڈاکو کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوئی، زخمی ڈاکو کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ایس ایچ او سانده ندیم کبوہ کے مطابق زخمی ڈاکو اقدام قتل سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث تھا جبکہ مفرور ساتھی کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 36

کے شریک بانی جناب سرمد خان شامل تھے۔ پاکستان پویلین میں اردو اور انگریزی مطبوعات کا متنوع انتخاب پیش کیا گیا ہے، جن میں شاعری، ناول، بچوں کی کتب، تعلیمی و تحقیقی مطبوعات اور تاریخ و ثقافت سے متعلق تصانیف شامل ہیں۔ سفیر پاکستان نے پاکستانی ناشرین کے اسٹالز کا بھی دورہ کیا، جن میں قدرت اللہ کمپنی، ضیا القرآن پبلی کیشنز اور پیرامانٹ بکس شامل ہیں۔ سفیر پاکستان نے پاکستان پویلین کے منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور ثقافت، علم اور تعلیم کے مرکز کی حیثیت سے شارجہ کے مقام کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ انٹرنیشنل بک فیئر شارجہ کی ثقافتی شناخت کا امتیازی نشان بن چکا ہے۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات بھر میں مقیم افراد، بالخصوص شارجہ میں آباد پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ وہ میلے میں تشریف لائیں اور کتاب و مطالعے سے اپنا رشتہ قائم رکھیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومتِ پاکستان اور سفارت خانہ آئندہ کتابی میلوں میں پاکستان کی شرکت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ اپنے دورے کے دوران سفیر پاکستان نے شارجہ بک اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزت مآب احمد بن رکاض العامری سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور شارجہ کے درمیان ادبی و ثقافتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفیر پاکستان نے ثقافت اور علم کے فروغ میں شارجہ کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کاوشیں لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

بقیہ 37

کو ڈسمس کر دیا، ڈسمس ہونے والوں میں سب انسپکٹر، اے ایس آئی، ہیڈ کانسٹیبل اور 5 کانسٹیبل شامل ہیں، سب انسپکٹر کو شہری کو سروس ڈیلیوری میں کوتاہی پر محکمہ سے ڈسمس کیا گیا، اے ایس آئی کو پیشہ ورانہ فرائض میں سنگین غفلت پر محکمہ سے ڈسمس کیا گیا، ہیڈ کانسٹیبل اور 2 کانسٹیبلوں کو پیشہ وارانہ فرائض میں غفلت جبکہ 3 کانسٹیبل بدعنوانی کی شکایات پر ڈسمس کیے گئے، بدعنوان عناصر کی محکمہ میں کوئی جگہ نہیں، سروس ڈیلیوری یا پیشہ ورانہ فرائض میں کوتاہی ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 38

کام آپریٹرز کے پاس ایک کروڑ 60 لاکھ ری سائیکل نمبرز موجود ہیں، جن میں سے پی ٹی اے نے ایک کروڑ نمبرز کی تفصیلات میٹا کو بھجوائی تھیں۔ پی ٹی اے اور میٹا کے درمیان غیر فعال نمبرز پر واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا طریقہ کار طے پا گیا ہے، جس کے تحت ہر ماہ 5 ہزار ری سائیکل نمبرز میٹا کو بھجوائے جائیں گے اور ان پر موجود اکاؤنٹس مرحلہ وار بند کیے جائیں گے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق گزشتہ سال موصول ہونے والی شکایات میں سے میٹا نے 82 فیصد حل کیں۔

بقیہ 39

کلچر ڈویلپمنٹ پراجیکٹ (SLADP) کے تحت مختلف ویٹرنری یونٹس کی بحالی اور نئے یونٹس کی تعمیر کے ڈیزائن بھی فائنل کر لیے گئے۔ صوبائی وزیر محمد علی ملکانی نے کنسلٹنسی فرم کی جانب سے منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کام منظور شدہ ڈیزائنز، مقررہ معیار اور طے شدہ منصوبہ بندی کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ویٹرنری سہولیات میں بہتری اور جدید مراکز کے قیام سے صوبے کے مویشی پالنے والوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کو ترقی دینے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں سیکریٹری لائیو اسٹاک اینڈ فشریز سندھ ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی، ورلڈ بینک کے پروگرام کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نذیر حسین کلہوڑو، ایس ایل اے ڈی پی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر جاوید میمن اور سول ورکس کے ڈیزائن اینڈ سپرویژن کنسلٹنٹ ایم ایس جی تھری انجینئرنگ ورکس کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 40

واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے اس کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کا فیصلہ اور گندم و آٹے کی اسمگلنگ کے تدارک کے ساتھ سموگ کے خاتمہ کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور آر پی او سہیل اختر سکھیرا نے نہری پانی چوری کے خلاف فوری اقدام کے لئے ڈی پی اوز کو پانی چوری کے مقدمات میں نامزد ملزمان کو 24 گھنٹے کے اندر گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ اور ہدایت کی کہ نہری پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ کمشنر نے گندم و آٹے کی غیر قانونی نقل و حمل اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے چیکنگ کا نظام کو مزید مؤثر بنانے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کا ٹاسک دیتے ہوئے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی غیر قانونی نقل و حمل اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کے لیے متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے عوامل کی روک تھام، متعلقہ قوانین پر عملدرآمد اور عوامی آگاہی کے اقدامات مزید تیز کیے جائیں۔ تمام محکمے باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں اور جاری اقدامات کے نتائج کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائیں۔ اس موقع پر واضح کیا گیا کہ عوامی مفاد سے متعلق ان امور میں کسی غفلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 41

سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے لیڈر چین جائیں، امریکہ جائیں ہر جگہ استقبال ہوتا ہے، سعودی عرب اور ایران دونوں ہماری بات سنتے ہیں۔ امریکہ ہماری بات کو اہمیت دیتا ہے، ہمیں یہ پوزیشن برقرار رکھنی چاہیے، ہمیں ملک کے اندرونی حالات ٹھیک کرنے چاہئیں، سیاسی ماحول کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 4 سال میں ملک میں تلخی بہت بڑھ گئی ہے، پیٹرول 400 روپے ہو گیا، مہنگائی سے عوام کی تکلیف میں اضافہ ہوا، حالات ایسے ہی رہے تو حکمران طبقے کو جو سہولتیں حاصل ہیں وہ بھی ختم ہو جائیں گی، ملک اب تک اپنے خاص طبقے کو پالتا رہا ہے، اگر ہم نے اپنی چیزوں پر نظر ثانی نہ کی تو ان کو پالنا بھی مشکل ہو جائے گا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف، تحریک تحفظ آئین کی قیادت اور سلمان اکرم راجہ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں، پی ٹی آئی کی جو قیادت کوٹ لکھپت جیل میں قید ہے ان سے مذاکرات کیے جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر زیر حراست رہنماؤں سے بات کی جائے، حماد اظہر سمیت دیگر رہنماؤں کے ساتھ نرمی کا رویہ اختیار کریں، زیر حراست پی ٹی آئی قیادت کو ریلیف دیا جائے تو مذاکرات کامیاب ہو سکتے ہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن صرف سیاسی نہیں مذہبی رہنما بھی ہیں، حکومت کو ان سے متعلق اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنی چاہیے، مولانا فضل الرحمٰن اپنے سخت بیانات واپس لیں اور حکومت بھی مثبت سمت میں قدم بڑھائے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے محسن نقوی نے نئے صوبوں کی بات کی، (ن) لیگ نے ان کے خلاف مہم شروع کر دی، (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی نئے صوبوں کے خلاف ہیں، تحریک انصاف نئے صوبوں کی حامی ہے، حکومت ان سے بات کرے۔

بقیہ 42

آنکھوں کے آپریشن کیے گئے۔ اس کے علاوہ 320 افراد کو نظر کی عینکیں فراہم کی گئیں۔ جہانگیر خان ترین نے اپنے پیغام میں کہا کہ خدمتِ خلق کے مشن کو آگے بڑھانا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ مستحق اور پسماندہ طبقات کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات فراہم کرتے رہیں گے۔ علاوہ ازیں جہانگیر خان ترین کی خصوصی ہدایت پر سی او ایل پی ڈاکٹر عبدالصبور اور ٹیم ایل پی پی نے کیمپ کے دوران مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ان کی عزتِ نفس، آرام اور سہولت کا خصوصی خیال رکھا۔ تین روزہ کیمپ میں مریضوں کے لیے کھانے کا انتظام بھی کیا گیا، جبکہ انہیں ایک خوشگوار اور معاون ماحول فراہم کیا گیا۔

بقیہ 43

ہونے کی وجہ سے بڑی تعداد میں شہری خصوصاً بچے بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ بچے آنکھوں میں جلن، گلے کی خراش، بخار اور سانس کی تکلیف میں مبتلا ہونے کے ساتھ ہسپتالوں میں آ رہے ہیں اور یہ تعداد بہت زیادہ ہے۔ ماہرین کے مطابق فضائی آلودگی بچوں کی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن سکتی ہے، جس سے بچاؤ کے لیے بروقت احتیاط ضروری ہے۔ سموگ کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیے، بچوں کو کم سے کم باہر نکالیں جو بچے سکول جاتے ہیں انہیں ماسک کا استعمال لازمی کروائیں۔

بقیہ 44

لازمی قرار دیدی گئی۔ حتمی سپلائی کے وقت پہلے ادا شدہ ٹیکس دوبارہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم کرتے ہوئے ایڈوانس ادائیگیوں کے لیے نیا رول 160 متعارف کرا دیا۔ نئے قواعد کے تحت سامان کی سپلائی سے پہلے ایڈوانس رقم وصول کرنے والے رجسٹرڈ کاروباری افراد کو انوائس جاری کرنا ہوگی۔ ایڈوانس رقم مکمل یا قسطوں میں وصول ہونے پر ہر ادائیگی کی الگ انوائس بنانا اور اسے پہلے جاری کردہ انوائسز کے ساتھ الیکٹرانک طور پر منسلک کرنا لازمی ہوگا۔ سامان کی اصل سپلائی کے وقت حتمی سیلز ٹیکس انوائس جاری کرنا ہوگی، جس میں پہلے وصول شدہ ایڈوانس اور اس پر ادا کردہ ٹیکس کی تفصیلات بھی شامل ہوں گی۔ ایڈوانس رقم پر پہلے ادا کیا گیا سیلز ٹیکس دوبارہ وصول نہیں کیا جائے گا جبکہ ایڈوانس پر ٹیکس کی شرح رقم وصولی کے وقت اور باقی سپلائی پر ٹیکس کی شرح سامان کی فراہمی کے وقت نافذ شرح کے مطابق ہوگی۔ رقم، سامان کی مالیت میں تبدیلی، واپسی یا سپلائی منسوخ ہونے کی صورت میں ٹیکس ریکارڈ میں ضروری رد و بدل بھی کرنا ہوگا۔ نئے نظام کے تحت ایڈوانس انوائسز، ڈیبٹ اور کریڈٹ نوٹس سمیت حتمی انوائس کا الیکٹرانک ریکارڈ منسلک رکھنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، جس کا مقصد ٹیکس معاملات میں شفافیت اور نگرانی بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 45

تیسری سہ ماہی، جولائی سے ستمبر ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جمع کرائی گئی ہے، فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہوگی، اس کا فیصلہ نیپرا کرے گا۔ درخواست میں کیپسٹی چارجز کی مد میں 38 ارب 92 کروڑ روپے وصول کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ آپریشنز اینڈ مینٹیننس کی مد میں 5 ارب 59 کروڑ 70 لاکھ روپے اضافے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب انکریمنٹل پیکج کے اثرات کی مد میں 29 ارب 25 کروڑ روپے کمی کی درخواست بھی کی گئی ہے۔ جولائی سے ستمبر 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہوگا، نیپرا درخواست پر 17 نومبر کو سماعت کرے گا۔

بقیہ 46

پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا، بھارت اور افغانستان کی مدد سے دہشت گردی کا ناسور اس وقت وہاں پھیل رہا ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کو روکنا اہمیت کا حامل ہے، سب کو آن بورڈ لیا جائے گا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لڑائی کوئی نہیں بڑھانا چاہتا، لڑائی ہے بھی نہیں، اختلاف رائے ہے، مولانا فضل الرحمٰن کو اگر گورنر راج پر اختلاف ہے تو وہ اختلاف رائے رکھ سکتے ہیں، اختلافِ رائے جمہوری رویوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ ہمیں جے یو آئی ف کی رائے سے اختلاف کا حق ہے اور انہیں بھی یہ حق حاصل ہے، جب آپ کے پاس ثبوت نہ ہوں تو ایسے الزامات نہیں لگانے چاہئیں، چوہدری سالک نے خود کہا کہ ان کے پاس ثبوت نہیں۔

بقیہ 47

محکمہ خزانہ دیکھے گا۔ اس حوالے سے محکمہ انڈسٹریز اینڈ کامرس کو رولز آف بزنس میں ترمیم کرنے کے لیے مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 48

ملت روڈ، کینال روڈ، جوہر ٹاؤن، آزادی چوک، جیل روڈ، لبرٹی، گلبرگ اور جائنہ چوک سمیت مختلف اہم مقامات کی گرین بیلٹس کو رنگ برنگے موسمی پھولوں سے سجایا جا رہا ہے۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے جیل روڈ سمیت مختلف شاہراہوں کا دورہ کیا اور گرین بیلٹس، موسمی پھولوں کی کاشت اور ہارٹی کلچر ورک کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ڈی احمد عثمان جاوید نے کہا کہ گیندا اور میری گولڈ کے پھول لاہور کی شاہراہوں کے حسن میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ رواں سال گزشتہ سال کی نسبت زیادہ رقبے پر موسمی پھولوں کی کاشت کی گئی ہے۔

بقیہ 49

ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ دریا خان کے چک 14 قریشیاں والا کے قریب ٹانک سے سرگودھا روزگار کے لیے سفر کرنے والے خاندان کے 9 افراد سے بھری ٹریکٹر ٹرالی بے قابو ہو کر الٹ جانے میں چار افراد خواتین اور دو بچے جاں بحق جبکہ بچوں سمیت دیگر 5 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ جن کو ریسکیو کر کے ٹی ایچ کیو ہسپتال دریا خان منتقل کر دیا گیا جہاں ڈپٹی کمشنر نے زخمیوں کی عیادت اور انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار ہمدردی کیا اور پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 50

سے تیار کردہ جدید "پاک ایپ (PAK App)" کے ذریعے صرف اکتوبر 2026 کے دوران مختلف سرکاری ڈیجیٹل ادائیگیوں کی مد میں 2 ارب 28 کروڑ روپے سے زائد کی خطیر رقم قومی خزانے میں جمع کرائی گئی ہے۔ ترجمان این آئی ٹی بی کے مطابق وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام کے تحت کام کرنے والے این آئی ٹی بی کے اس اقدام کے باعث اب شہریوں کو دفاتر کے چکر کاٹنے اور قطاروں میں لگنے سے نجات مل چکی ہے۔ اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس، گاڑیوں کی ٹرانسفر اور رجسٹریشن کے چالان، ڈومیسائل فیس اور دیگر تمام اہم سرکاری محصولات کی آن لائن ادائیگیاں گھر بیٹھے ممکن ہو چکی ہیں۔ یہ اقدام نہ صرف عوام کے لیے سرکاری فیسوں کی ادائیگی کو آسان اور تیز رفتار بنا رہا ہے بلکہ اس سے حکومتی محصولات کی وصولی میں شفافیت پیدا ہو رہی ہے اور پاکستان کو کیش لیس اور ڈیجیٹل معیشت کی طرف گامزن کرنے میں این آئی ٹی بی کا کردار کلیدی ثابت ہو رہا ہے۔

بقیہ 51

ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے سموگ نامی بیماری نے لاہور شہر کے آس پاس اپنے پنجے گاڑے ہوئے ہیں۔ اب تک کی ہر حکومت سموگ سے نجات دلانے میں ناکام ثابت ہوئی ہے۔ ماحولیاتی آلودگی فقط پالیسیاں بنانے اور بیانات جاری کرنے سے ختم نہیں ہوگی۔ صاف ہوا میں سانس لینا ہر شہری کا بنیادی آئینی و انسانی حق ہے اور صاف ماحول آنے والی نسلوں کی امانت ہے۔ عوامی شمولیت کے ساتھ ایک جامع پلان مرتب کرنا ہوگا اور ماحولیاتی آلودگی کے ماہرین کی مدد لینا ہوگی۔

بقیہ 52

ڈسپنسر خریدا، جو خراب نکلا، دکاندار نے وارنٹی بھی دی، وارنٹی کے باوجود چکر لگوائے گئے ڈسپنسر تبدیل کر کے نہیں دیا گیا، شہری ن پرویز احمد نے صارف عدالت میں 5 لاکھ ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا، جس پر صارف عدالت کے جج نے دکاندار سے 18 نومبر کو جواب طلب کرتے ہوئے دونوں فریقین کو بلوا لیا ہے۔

بقیہ 53

کوششیں کی جائیں، کشیدگی کو بڑھنے سے روکا جائے اور دیرپا سیاسی حل تلاش کیا جائے۔ فعال جنگی حالات میں سفارت کاری کے کردار کے عنوان سے جاری ہونے والے اس بیان میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ جنگ کے دوران بھی سفارتی روابط انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، ان کے ذریعے شہریوں کا تحفظ، تشدد پر قابو پانے، تنازعات کو پھیلنے سے روکنے اور انسانی امداد کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے۔ بیان میں ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ وہ جنگ میں مصروف فریقین کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ثالثی، دوستانہ مساعی (گڈ آفسز) اور براہ راست یا بالواسطہ رابطوں کا استعمال کریں، چاہے فوجی کارروائیاں جاری ہی کیوں نہ ہوں۔

بقیہ 54

ٹیم ریکوری کے لئے لیجا رہی تھی، چونگی کے قریب زیر حراست ملزم کے ساتھیوں نے سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ شروع کر دی، دوطرفہ فائرنگ میں زیر حراست ملزم عرفان گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔

بقیہ 55

آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور تاجکستان کی افواج کے درمیان دوطرفہ انسداد دہشت گردی مشق کا تیسرا ایڈیشن اسپیشل آپریشنز اسکول، چیراٹ میں اختتام پذیر ہو گیا۔ چھبیس اکتوبر سے شروع ہونے والی اس مشق کے دوران انسداد دہشت گردی کے تجربات سے استفادے، آپریشنل مشقوں اور انسداد دہشت گردی آپریشنز کے طریقہ کار کو بہتر بنانے سمیت بہترین طریقوں کے تبادلے کے ذریعے جنگی مہارتوں کو بڑھانے پر توجہ مرکوز رہی۔ مشق پاکستان اور تاجکستان کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون کی عکاسی کرتی ہے اور دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے دونوں ممالک کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔

بقیہ 56

کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ مدارس کی رجسٹریشن کے لیے ڈپٹی کمشنر اور انٹیلی جنس کمیٹی سے کلیئرنس حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 57

میں 5 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ چار سے پانچ روز کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر کرایوں میں کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم اور وفاقی وزیر پیٹرولیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر کو مزید ریلیف دینے کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے۔

بقیہ 58

سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ انہوں نے اپنے پیشہ ورانہ کیریئر میں جو خدمات انجام دیں، وہ ان کی ذمہ داری اور فرض تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں کوئٹہ جاتے ہوئے احتیاط کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے جبکہ ایک وقت تھا جب وہ بغیر کسی محافظ کے کہیں بھی چلے جاتے تھے، صوبہ اس صورتحال تک کیسے پہنچا، یہ غور طلب بات ہے۔

بقیہ 59

ترجمان کے مطابق این سی سی آئی اے راولپنڈی نے بروقت کارروائی اور مؤثر تفتیش کے نتیجے میں مالیاتی فراڈ کا شکار ہونے والے ایک شہری کو 11 لاکھ روپے برآمد کرا کے حوالے کیے۔ یہ اہم کامیابی سب انسپکٹر غیاث عباس جعفری کی تفتیشی کوششوں کے باعث ممکن ہوئی۔

بقیہ 60

تیاری کے آخری مراحل میں ہے۔ سمارٹ سلیبس سے طلباء کو آئندہ سال بورڈ امتحان دینے میں آسانی ہوگی۔ کل پیکٹا سمارٹ سلیبس کی تفصیلات جاری کرے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی متحرک قیادت میں امتحانی مراکز کی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے مسلسل ڈیجیٹل مانیٹرنگ

انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ امتحان 2026ء زیرِ وٹا لرنس پالیسی کے تحت جاری

کنٹرولر امتحانات مبشر سعید کی جانب سے امتحانی انتظامات کی مؤثر نگرانی، فیلڈ افسران اور وجیلنس ٹیموں کو متحرک رکھنے کے لیے اقدامات

سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی ذوالکیف عمر شاہ کے مختلف امتحانی مراکز کے دورے، انتظامی امور اور امتحانی عمل کا جائزہ

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبے میں شفاف، منصفانہ اور جدید امتحانی نظام کے فروغ، تعلیمی اصلاحات اور ادارہ جاتی کارکردگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات کی روشنی میں امتحانی عمل کی مؤثر اور مسلسل نگرانی، نقل اور غیر قانونی ذرائع کے سدباب اور امتحانی مراکز میں نظم و ضبط برقرار رکھنے (بقیہ نمبر 11)

جہانگیر ترین کے تعاون سے لودھراں میں مفت آئی کیمپ

مستحق اور پسماندہ طبقات کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات فراہم کرتے رہیں گے

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین کے خصوصی تعاون سے ترین ڈائیگناسٹک سینٹر گیلے وال لودھراں میں لودھراں پائلٹ پراجیکٹ (ایل پی پی) کے زیر اہتمام 47ویں تین روزہ مفت آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کے دوران مجموعی طور پر 1,361 مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں، جبکہ 512 مریضوں کے کامیاب (بقیہ نمبر 42)



لاہور: سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر احراء محمد نواز کوندل کے ہمراہ تزئین و آرائش کے بعد مکمل ہونے والے انتظامی حصوں کا افتتاح کر رہے ہیں

3 ماہ سے زائد چھٹی کرنیوالے اساتذہ کو تبدیل کرنے کا فیصلہ

تین ماہ سے زائد چھٹی پر موجود اساتذہ کو 15 نومبر تک رپورٹ کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں اساتذہ کی طویل چھٹیوں کے باعث تعلیمی سرگرمیوں کے متاثر ہونے کے انکشاف کے بعد محکمہ اسکول ایجوکیشن نے اہم پالیسی فیصلہ کر لیا ہے۔ نئی ہدایات کے تحت ایک سال میں 89 روز سے زائد چھٹی کرنے والے (بقیہ نمبر 33)

شادی کسی شریک حیات کو دوسرے پر تشدد کرنے کی اجازت نہیں دیتی

ازدواجی زندگی میں تشدد، زیادتی سے متعلق قانون سازی کی درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ازدواجی زندگی سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے ازدواجی زندگی میں تشدد اور زیادتی سے متعلق قانون سازی کی درخواست خارج کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے وکیل اریج سہیل کی درخواست خارج کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست گزار نے (بقیہ نمبر 34)



لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ ورکرز ویلفیئر سکول ڈیفنس روڈ لاہور کو ماڈل سکول بنانے کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں



لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ ورکرز ویلفیئر سکول ڈیفنس روڈ لاہور کے دورے کے موقع پر کلاس روم میں بچوں سے گفتگو کر رہے ہیں

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کی کیسٹی بلڈنگ ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ میں تفتیشی افسران کو پیشہ وارانہ تفتیش و پیروی مقدمہ کے حوالے سے لیکچرز دیئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کی کیسٹی بلڈنگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، تربیتی ورکشاپ میں ضلع بھر سے تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کی کیسٹی بلڈنگ ورکشاپ کا انعقاد، تربیتی ورکشاپ میں ضلع بھر سے تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، چھ افراد گرفتار

راولپنڈی (این این پی) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 06 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 06 افراد کو حراست میں لے کر 22 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ بنی، پیرودھائی، روات اور (بقیہ نمبر 31)

ایس ایس پی انوسیگیشن سیف اللہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسیگیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا ، ایس ایس پی انوسیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس ایس پی انوسیگیشن کی متعلقہ افسران کو ہدایت، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت (بقیہ نمبر 26)

تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 6 قمار باز گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس کی ایک کارروائی کے دوران تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 6 قمار باز گرفتار کر لئے گئے، داؤ پر لگی رقم، 4 موبائل فون اور تاش کے پتے بھی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 6 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے داؤ پر لگی رقم، 4 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 32)

ساندہ میں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (این این آئی) تھانہ ساندہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلے کے بعد ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مبینہ پولیس مقابلہ ٹی نمبر 5 کی قریب ہوا، دوران چیکنگ پولیس نے موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کو رکنے کا اشارہ کیا۔ ڈاکوؤں نے رکنے کی بجائے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے تبادلہ (بقیہ نمبر 35)

پوپ ٹن سے ایرانی سلامتی کے سربراہ محسن رضائی کی ملاقات

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پوٹن نے ایران کے سلامتی کے سربراہ محسن رضائی سے ماسکو میں ملاقات کی ہے جس میں خطے کی سیکیورٹی صورتِ حال اور جاری کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے پریس ٹی وی کے مطابق یہ ملاقات جمعرات کو ہوئی۔ اس موقع پر محسن رضائی نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کا ایک خط بھی روسی صدر ولادیمیر پوٹن کے حوالے کیا۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ایران (بقیہ نمبر 24)



اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے چیئرمین برٹش مسلم میٹرز ایسوسی ایشن برطانیہ لیاقت علی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستانی مسافر افغان شہری ہونے کے شبہے میں زیرِ تفتیش

یو این ایچ سی آر کارڈ اور پناہ کی درخواست سمیت اہم دستاویزات برآمد

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن حراست میں لے کر مزید تحقیقات کے لیے اینٹی کراچی نے آسٹریلیا جانے والے ایک مسافر کو ہیومن ٹریفکنگ سرکل متعلق کر دیا۔ ایف آئی اے افغان شہری ہونے کے شبہے اور سفری ترجمان کے مطابق زیرِ حراست مسافر کی دستاویزات میں تضادات سامنے آنے پر شناخت شہاب حسین (بقیہ نمبر 23)

اسٹیٹ بینک میں جدید سسکو نیٹ ورک کی تنصیب، امریکہ کا خیر مقدم

جدید بینکاری نظام کی تنصیب پاک امریکا تجارتی تعاون کی اہم پیش رفت قرار

کراچی (این این آئی) امریکی ناظم الامور مطلی بیکر نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں جدید کثیر المالیاتی سسکو نیٹ ورک اور سافٹ ویئر پر مبنی ڈیٹا سینٹر کی کامیاب تنصیب کا خیر مقدم کیا ہے۔ اس سلسلے میں امریکی ناظم الامور نے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو سسٹمز پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے ہمراہ اسٹیٹ بینک کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا، جہاں نئے مرکزی بینکاری نیٹ ورک کی تنصیب کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ امریکی ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 22)

کلور کوٹ میں چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی کو قتل کر دیا

میانوالی (این این آئی) نواحی تحصیل کلور کوٹ کے علاقے ہتو میں پستول رکھنے سے منع کرنے پر دو حقیقی بھائیوں کے درمیان جھگڑا، تلخ کلامی کے دوران چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں گولی سینے میں لگنے سے وہ جاں بحق ہو گیا، ملزم جائے واردات سے فرار ہو گیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور تھانہ کلور کوٹ کی پولیس موقع پر پہنچ گئی ریسکیو ٹیم نے متوفی کی نعش کو پوسٹ مارٹم کی غرض سے ہسپتال منتقل کر دیا، پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دی۔

خیرپور، وڈم ویلی اسکول میں یومِ اقبال کی مناسبت سے پروقار تقریب

نامور تعلیمی شخصیات کی شرکت، علامہ اقبال کا فکر نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے، ممتاز تعلیمی ماہرین کا تقریب سے خطاب

طلبہ و طالبات کے جوش و جذبے سے بھرپور تقاریر اور ٹیبلوز، نمایاں کارکردگی پر انعامات تقسیم

خیرپور (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی حکومت کے اعلان کے مطابق خیرپور کے مقامی "وزڈم ویلی اسکول "میں شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت کی مناسبت سے ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں نامور تعلیمی شخصیات پروفیسر میر خادم حسین ٹالپر، پروفیسر انصاف علی مغل اور فہیم احمد صدیقی نے بطور مہمانِ خصوصیت شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانوں نے علامہ اقبال کی شاعری، ان کے پیغام اور قومی خدمات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ان کے فکر کو نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ قرار (بقیہ نمبر 15)

آئیسکو صارفین اب بجلی بلز کی ادائیگی کیو آر کوڈ کے ذریعے کر سکیں گے

صارفین کیلئے یہ سہولت 24 گھنٹے اور ساتوں دن دستیاب ہے، چیف ایگزیکٹو آئیسکو



فیصل آباد (این ای این) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی پاور ڈویژن کے وژن اور ہدایات پر پاکستان کے پاور سیکٹر میں ڈسٹری بیوشن، شفافیت اور صارفین کو بروقت، فوری اور جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ تسلسل سے جاری ہے۔ اسی سلسلے میں وفاقی وزیر توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری کے احکامات کی روشنی میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے معزز صارفین بجلی بلوں اور تمام قسم کے ڈیمانڈ نوٹسز کی ادائیگی بلوں اور ڈیمانڈ نوٹس پر پرنٹ شدہ کیو آر کوڈ کے ذریعے کر سکتے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگی کا نظام صارفین کے لیے نہ صرف آسان اور تیز رفتار ہوگا (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن

لیڈی منشیات سپلائر سمیت 7 منشیات سپلائر گرفتار، ساڑھے 12 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کے دوران لیڈی منشیات سپلائر سمیت 7 منشیات سپلائر گرفتار کر لئے گئے، ساڑھے 12 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے لیڈی منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 300 گرام چرس برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے دو منشیات سپلائرز کو حراست میں لے کر 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، (بقیہ نمبر 27)

انتخابات میں شکست کے اثرات، ٹرمپ انتظامیہ کی اعلیٰ عہدیدار مستعفی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وسط مدتی انتخابات میں شکست کے اثرات آنا شروع ہو گئے۔ ٹرمپ انتظامیہ کی اعلیٰ عہدیدار مستعفی ہو گئیں۔ محکمہ انصاف کے شہری حقوق ڈویژن کی سربراہ ہرمیت ڈھلوں نے عہدہ چھوڑ دیا۔ ہرمیت ڈھلوں صدر ٹرمپ کی قریبی اتحادی سمجھی جاتی ہیں۔ ان کے دور میں امریکی یونیورسٹیوں کے خلاف تحقیقات اور اسکولوں میں ٹرانس جینڈر پالیسیوں کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں۔ ہرمیت ڈھلوں (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد ڈبلدیاتی انتخابات، کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد لوکل گورنمنٹ انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ میں دو دن کی توسیع کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق خواہش مند امیدوار اب 8 نومبر 2026 تک اپنے کاغذات نامزدگی متعلقہ ریٹرننگ افسران کے پاس جمع کروا سکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے ہدایت کی ہے کہ تمام امیدوار مقررہ تاریخ تک اپنے کاغذات نامزدگی (بقیہ نمبر 18)

سنگین غفلت، بدعنوانی کی شکایات پر آٹھ پولیس افسران واہلکاران ڈسمس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس میں کڑا احتساب کو جاری رکھتے ہوئے سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے 8 پولیس افسران و اہلکاروں کو ڈسمس کر دیا، ڈسمس ہونے والوں میں سب انسپکٹر، اے ایس آئی، ہیڈ کانسٹیبل اور 5 کانسٹیبل شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے 8 پولیس افسران و اہلکاروں (بقیہ نمبر 37)

سندھ میں ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ فشریز سندھ محمد علی ملکانی کی زیر صدارت محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ فشریز کے دفتر کراچی میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے بھر میں ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر اور بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی سطح پر ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر کے لیے پیش کیے گئے ڈیزائنز کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد انہیں حتمی شکل دے دی گئی۔ اس کے علاوہ سندھ کی ساحلی پٹی میں ویٹرنری ایمرجنسی سینٹرز کے قیام اور سندھ لائیو اسٹاک اینڈ ایکوا (بقیہ نمبر 39)

شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر میں پاکستان پویلین کا افتتاح

افتتاحی تقریب میں پاکستان کے ممتاز اشاعتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی

شارجہ (این این آئی) سفیرِ پاکستان شفقت علی خان نے آج 45ویں شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر میں پاکستان پویلین کا افتتاح کیا۔ یہ کتاب میلہ 4 سے 15 نومبر 2026 تک ایکسپو سینٹر شارجہ میں منعقد ہو رہا ہے۔ افتتاحی تقریب میں پاکستان کے ممتاز اشاعتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، جن میں بک کارنر جہلم کے ڈائریکٹر جناب گگن شاہد، فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر جناب دانیال سلام اور اردو بکس ورلڈ (بقیہ نمبر 36)

میٹا نے ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کر دیئے

ٹیلی کام آپریٹرز کے پاس ایک کروڑ 60 لاکھ ری سائیکل نمبرز موجود

اسلام آباد (این این آئی) میٹا نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی درخواست پر ایک لاکھ 76 ہزار اکاؤنٹس سائبر فراڈ کی شکایات پر واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کر دیئے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق غیر فعال اور منسوخ نمبرز پر واٹس ایپ کے ذریعے سائبر فراڈ کی شکایات سامنے آئی تھیں۔ ٹیلی (بقیہ نمبر 38)

آر پی او سرگودھا کا پانی چوری میں نامزد ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

نہری پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن میں نہری پانی چوری کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے روک تھام کیلئے سخت اقدامات کے فیصلہ پر آر پی او سہیل اختر سکھیرا نے پانی چوری کے مقدمات میں نامزد ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ زرائع کے مطابق کمشنر حافظ شوکت علی کی زیر صدارت اجلاس میں سرگودھا ریجن میں نہری پانی چوری کے (بقیہ نمبر 40)

گرجا روڈ پر عطائی ڈاکٹروں کی یلغار! فوری کارروائی کا مطالبہ

انسانی زندگیوں سے کھیلنے والے بے نقاب کون کرے گا؟ گلی محلوں میں مبینہ جعلی کلینکس کی بھرمار، شہریوں کی صحت داؤ پر لگ گئی

بغیر مستند اسناد علاج کا دھندا عروج پر، محکمہ صحت اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن خاموش تماشائی؟ عطائی ڈاکٹروں کے خلاف گرینڈ آپریشن کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجا روڈ اور گردونواح میں مبینہ عطائی ڈاکٹروں اور غیر مستند کلینکس کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق مختلف مقامات پر ایسے کلینکس قائم ہیں جہاں ڈاکٹروں کی مستند اسناد، رجسٹریشن اور قانونی حیثیت مشکوک ہونے کے باوجود مریضوں کا علاج جاری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بیماری اور مجبوری کے (بقیہ نمبر 12)

سگین گجرات کا بڑا ایکشن سابق چیئرمین بلڈنگ کا پلازہ سیل

آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی پر بلڈنگز مالکان کو نوٹسز، خلاف ورزیوں پر کارروائی شروع کر دی گئی

دی مال آف گوجرخان پر لاکھوں روپے بلڈنگ فیس اور جرمانہ واجب الادا، وصولی تک پلازہ سیل رہے گا

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومتِ پنجاب کے احکامات اور لوکل گورنمنٹ کی آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی پر بلدیہ گوجرخان نے غیر قانونی تعمیرات اور واجبات کی وصولی کے حوالے سے بڑا ایکشن شروع کر دیا۔ چیف آفیسر غلام قمر وڑائچ کی ہدایات پر نشاندہی شدہ تمام عمارتوں کے مالکان کو نوٹسز جاری کر دیے گئے، جبکہ بلڈنگ آفیسر انعام مصطفیٰ نے جی ٹی روڈ پر سابق چیئرمین بلدیہ کے کمرشل منصوبے دی مال آف گوجرخان کو موقع پر سیل کر دیا۔ بلڈنگ آفیسر کے مطابق پلازے کی 15 سے 19 لاکھ روپے تک بلڈنگ فیس اور تقریباً 19 لاکھ روپے جرمانہ واجب الادا ہے، جبکہ تعمیرات میں مقررہ سیٹ بیک بھی نہیں چھوڑا گیا۔ بلدیہ حکام نے واضح کیا ہے کہ تمام (بقیہ نمبر 13)

پاکستان نے عالمی سطح پر منفرد مقام حاصل کر لیا، فواد چوہدری

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان نے چند سال میں عالمی سطح پر یونیک پوزیشن حاصل کر لی ہے، آج جو مقام ہمارے لیڈرز کو دنیا بھر میں مل رہا ہے اس کی مثال کم ملتی ہے، ہمیں ملک کے اندرونی حالات ٹھیک کرنے چاہئیں، سیاسی ماحول کو بہتر بنایا جائے، حکومت کو مولانا فضل الرحمٰن سے متعلق اپنی پالیسی پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا (بقیہ نمبر 41)



لاہور، 9 مئی کے کیسز میں انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد جمشید اقبال چیمہ اور مسرت چیمہ واپس جا رہے ہیں

پی ٹی آئی کو اپنے لیے راستہ خود ہی نکالنا پڑے گا، شوکت یوسفزئی

اداروں کو اپنا کام کرنے دینا چاہیے، ہمیں سیاسی عمل سے دور نہیں ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ رانا ثنا اللہ کبھی کبھی بہت سلجھی ہوئی بات کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ثبوت نہ ہوں تو الزام نہیں لگنا چاہیے، الزامات پر تو ہماری حکومت ہی ختم کر دی گئی۔ جی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پارلیمنٹ میں ہم موجود ہیں، پارلیمانی کمیٹیوں میں ہمیں جانا چاہیے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ یہ پی ٹی آئی کو ختم کرنے کا ایجنڈا ابھی ساتھ لائے ہیں، یہ کس کھاتے میں سڑکوں کا افتتاح کر رہے ہیں؟ نہیں سمجھتا کہ گورنر راج (بقیہ نمبر 28)

عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکاء کی تعداد 2 لاکھ سے تجاوز کر گئی

اجتماع گاہ کے اردگرد سیکنڑوں حفاظ اکرام سورۃ یاسین کی تلاوت کرتے رہے

رائے ونڈ (این این آئی) عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکاء کی تعداد 2 لاکھ سے تجاوز کر گئی، کراچی سے آنے والی ٹرینوں میں مندوبین کی آمد کا سلسلہ جمعہ کے روز بھی جاری رہا، سموگ کی وجہ سے ماسک کی فروخت میں اضافہ دیکھا گیا، چھٹی کے باعث جمعہ کے روز مقامی افراد نے اجتماع میں شرکت کی، ٹرانسپورٹرز پنڈال کا من مرضی کا کرایہ وصول کرتے رہے، ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی پیٹرا انجن سے تیار سواری لکڑ بگا سرعام سواریاں بٹھاتی رہی، ریلوے پولیس کی جانب سے ریلوے اسٹیشن پر سیکورٹی کے سخت انتظامات ،انتظامیہ نے پنڈال پر (بقیہ نمبر 29)

میڈیا ریاست کا ایک اہم ستون ہے، ڈی پی چکوال

صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کرتے ہیں، محمد عاصم جسرا

تلہ گنگ (این این آئی) ڈی پی او چکوال محمد عاصم جسرا نے کہا ہے کہ میڈیا ریاست کا ایک اہم ستون ہے، صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کرتے ہیں، عوامی مسائل کی نشاندہی اور حقائق کو اجاگر کرنے میں صحافت کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تھانہ صدر تلہ گنگ میں منعقدہ کھلی کچہری کے بعد ریجنل یونین آف جرنلسٹس تلہ گنگ کے صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قبل از ایں ڈی پی او (بقیہ نمبر 30)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

این سی سی آئی اے میں بھرتیوں کا عمل جاری

ایف نائن پارک میں تیسرے روز فزیکل ٹیسٹ، ڈرونز اور سیف سٹی کیمروں سے کڑی نگرانی، میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

بھرتی کا پورا عمل مکمل طور پر شفاف، منظم اور سو فیصد میرٹ کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے، ڈی جی سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) میں نئی اسامیوں پر شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے، جس کے تحت وفاقی دارالحکومت کے ایف نائن پارک میں تیسرے روز بھی امیدواروں کے فزیکل ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق امیدواروں کی جسمانی صلاحیت جانچنے کے لیے جامع اور مختلف مراحل پر مشتمل فزیکل ٹیسٹ لیے جا رہے ہیں۔ بھرتی کے عمل میں شریک امیدواروں کی سہولت کے (بقیہ نمبر 17)

درآمدی گندم پاکستان پہنچ گئی، آٹے کی قیمتوں میں کمی کی توقع

ایم وی الیکس نامی کارگو جہاز 54 ہزار 983 میٹرک ٹن درآمدی گندم لے کر کراچی پہنچا

کراچی (این این آئی) ملک میں گندم کے بحران پر قابو پانے کے لیے حکومتی اقدامات کے تحت درآمدی گندم کی ایک اور بڑی کھیپ پاکستان پہنچ گئی۔ ایم وی الیکس نامی کارگو جہاز 54 ہزار 983 میٹرک ٹن درآمدی گندم لے کر کراچی کے آٹر اینکریج پر پہنچ گیا جہاں سے اسے پورٹ قاسم پر برتھ کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق ایم وی الیکس کے ذریعے آنے والی درآمدی گندم پنجاب کی فلور ملز کو فراہم کی جائے گی تاکہ صوبے میں آٹے کی دستیابی کو بہتر بنایا جا سکے۔ ایم وی کارا کوس نامی کارگو جہاز کی جمعہ اور ہفتہ کی رات آٹر اینکریج آمد شیڈول ہے، یہ جہاز 58 ہزار 848 میٹرک ٹن درآمدی گندم لے کر آ رہا ہے جسے سندھ کی فلور ملز کو سپلائی کیا جائے گا۔

سابق سکول ٹیچر چین کے نئے ارب پتی بن گئے

مائیکل مائی نے 1984 میں تدریس کا شعبہ چھوڑ کر کاروباری دنیا میں قدم رکھا

بیجنگ (این این آئی) چین میں ایک سابق سکول ٹیچر مائیکل مائی اپنی کمپنی کے حصص کی غیر معمولی تیزی کے بعد ارب پتیوں کی فہرست میں شامل ہو گئے۔ 62 سالہ مائیکل مائی کی کمپنی کران نیو میٹریلز ٹیکنالوجی نے شینزن اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا آغاز کیا تو اس کے حصص کی قیمت ابتدائی پیشکش کے مقابلے میں 787 فیصد تک بڑھ گئی۔ مائیکل مائی نے 1984 میں تدریس کا شعبہ چھوڑ کر کاروباری دنیا میں قدم رکھا اور 2000 میں اپنی بہن مائی (بقیہ نمبر 19)



کراچی: عمرہ پیکیج فراڈ میں 49 شہریوں سے 70 لاکھ روپے بٹورنے والا ٹریول ایجنٹ ایف آئی اے کی تحویل میں

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-

بلدیہ گوجرخان کا بڑا ایکشن سابق چیئرمین بلڈنگ کا پلازہ سیل

آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی پر بلڈنگز مالکان کو نوٹسز، خلاف ورزیوں پر کارروائی شروع کر دی گئی

دی مال آف گوجرخان پر لاکھوں روپے بلڈنگ فیس اور جرمانہ واجب الادا، وصولی تک پلازہ سیل رہے گا

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومتِ پنجاب کے احکامات اور لوکل گورنمنٹ کی آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی پر بلدیہ گوجرخان نے غیر قانونی تعمیرات اور واجبات کی وصولی کے حوالے سے بڑا ایکشن شروع کر دیا۔ چیف آفیسر غلام قمر وڑائچ کی ہدایات پر نشاندہی شدہ تمام عمارتوں کے مالکان کو نوٹسز جاری کر دیے گئے، جبکہ بلڈنگ آفیسر انعام مصطفیٰ نے جی ٹی روڈ پر سابق چیئرمین بلدیہ کے کمرشل منصوبے دی مال آف گوجرخان کو موقع پر سیل کر دیا۔ بلڈنگ آفیسر کے مطابق پلازے کی 15 سے 19 لاکھ روپے تک بلڈنگ فیس اور تقریباً 19 لاکھ روپے جرمانہ واجب الادا ہے، جبکہ تعمیرات میں مقررہ سیٹ بیک بھی نہیں چھوڑا گیا۔ بلدیہ حکام نے واضح کیا ہے کہ تمام (بقیہ نمبر 13)